باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ABC CERTIFIED
www.dailymumtaz.com · mumtazisb9@gmail.com · dailymumtazofficial · @Dailymumtaz1

THE DAILY MUMTAZ ISLAMABAD

روزنامہ ممتاز اسلام آباد

رجسٹرڈ نمبر NRP-002

بانی: عبداللہ بٹ

صفحات 6 قیمت 15 روپے

جلد 04 | ہفتہ، 11 اپریل 2026ء، 22 شوال المکرم 1447ھ، 29 چیت 2082ب | نمبر 280

امانت دار

لے کر آیا ہے۔ پس میں قسم کھاتا ہوں پیچھے ہٹنے والے (ستاروں) کی۔ سیدھے چلنے والے غائب ہو جانے والے ستاروں کی۔ اور قسم ہے رات کی جب وہ جانے لگے۔ اور قسم ہے صبح کی جب وہ آنے لگے۔ بے شک یہ قرآن ایک معزز رسول کا لایا ہوا ہے۔ جو بڑا طاقتور ہے عرش کے مالک کے نزدیک بڑے رتبہ والا ہے۔ وہاں کا سردار امانت دار ہے۔ اور تمہارا رفیق (رسول) کوئی دیوانہ نہیں ہے۔ (سورۃ التکویر، آیت نمبر 14 تا 22) تو ہر شخص جان لے گا کہ وہ کیا

(قرآنی آیات اور حدیث نبوی کا احترام سب پر لازم ہے)

MUST STUDIO



وزیراعظم شہباز شریف قوم سے خطاب کے دوران پٹرولیم قیمتوں میں کمی کا اعلان کر رہے ہیں

129 ارب کے اخراجات پورے کرنے کی تجویز مسترد، ڈیزل 134.81، پٹرول 11.83 روپے لٹر سستا

پٹرول کی نئی قیمت 366.88، ڈیزل کی 385.54 روپے فی لٹر ہوگئی، مٹی کا تیل 17 روپے 33 پیسے، لائٹ ڈیزل 25 روپے 31 پیسے فی لٹر سستا ہوگیا

عالمی مارکیٹ میں تیل سستا ہونے پر کہا گیا مکمل فائدہ عوام کو پہنچانے کے بجائے کچھ حصہ اخراجات کیلئے مختص کیا جائے، سبسڈی برقرار رہے گی، وزیراعظم

اسلام آباد (وقائع نگار) وزیراعظم شہباز شریف نے ڈیزل کی قیمت میں بڑی جبکہ پیٹرول کی قیمت میں معمولی کمی کا اعلان کردیا، جس کا اطلاق رات 12 بجے سے ہوگیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے قوم سے خطاب میں کہا کہ عالمی مارکیٹ میں کمی کے بعد مجھے یہ تجویز دی گئی کہ اس کا مکمل فائدہ عوام تک نہ پہنچایا جائے اور کچھ حصہ حکومتی اخراجات کیلئے مختص کیا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ میں نے اپنی اخلاقی اور سیاسی ذمہ داری کو سمجھتے ہوئے فیصلہ کیا کہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 1)

مذاکرات عالم اسلام کیلئے فخر، وزیراعظم برطانوی ہم منصب کا فون، سعودی وزیر خزانہ کی ملاقات، فیلڈ مارشل شریک، سعودیہ کیساتھ کھڑے رہنے کا عزم

اسلام آباد امن مذاکرات، آج وفود کی آمد

فیصلہ 24 گھنٹوں میں ہو جائیگا، ٹرمپ

حقوق کا دفاع کرینگے، ایرانی سپریم لیڈر

امریکی وفد میں نائب صدر، وٹکوف اور جیرڈ کشنر شامل، ایرانی وفد اسپیکر اور وزیر خارجہ کی زیر سربراہی شریک ہوگا، چین، روس، خلیجی ممالک کی بطور مبصر شرکت متوقع

جہازوں پر بہترین ہتھیار رکھ رہے ہیں، معاہدہ نہ ہوا تو بھرپور استعمال کرینگے، ٹرمپ، کیئر سٹارمر کا فون، ایران نے چالاکی کی تو مثبت ردعمل نہیں دینگے، وینس، ایسی جنگ بندی نہیں چاہتے جو دوبارہ حملے کی اجازت دے، ایرانی نائب وزیر خارجہ

اسلام آباد/واشنگٹن (ممتاز نیوز) امریکہ ایران کے درمیان تاریخی مذاکرات کا آغاز وفاقی دارالحکومت آج سے ہونے جارہا ہے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 2)

میری لینڈ، تہران (ممتاز نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے مذاکرات ناکام ہونے پر ایران کو دوبارہ حملوں کا نشانہ بنانے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 3)

ایران کی لچک، امریکی جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت

متعین کردہ راستوں کے ذریعے جہازوں کی حفاظت یقینی بنائیں گے، ایران

24 گھنٹوں میں 4 خشک مال بردار جہاز گزرے، شپنگ ڈیٹا

تہران (ممتاز نیوز) نائب ایرانی نائب وزیر خارجہ سعید خطیب زادہ نے کہا ہے کہ امریکی بحری جہاز بھی آبنائے ہرمز سے گزر سکتے ہیں، بشرطیکہ وہ کسی قسم کی دشمنی پر مبنی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 4)

اسحاق ڈار سے فرانس، ہالینڈ کے وزراء خارجہ کا رابطہ

رہنماؤں کا لبنان میں جنگ بندی کی خلاف ورزیوں پر تشویش کا اظہار

اسلام آباد (وقائع نگار) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے فرانس کے وزیر خارجہ ژاں نوئل بیروٹ نے ٹیلیفونک رابطہ کیا، فرانسیسی وزیر خارجہ نے جنگ بندی یقینی بنانے میں پاکستان کی کوششوں کو سراہا، دونوں وزرائے خارجہ نے لبنان میں جنگ بندی کی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 5)

وزیراعظم شہباز شریف سے سعودی وزیر خزانہ ملاقات کر رہے ہیں، فیلڈ مارشل عاصم منیر بھی موجود ہیں

غیر ملکی وفود کی سیکیورٹی سخت اقدامات، ریڈ زون سیل، کنٹرول روم قائم

محسن نقوی کی وفود کی سیکیورٹی کیلئے ہر ممکن اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت

ریڈ زون میں صرف متعلقہ افراد داخل ہوسکیں گے، پولیس، فوج، رینجرز تعینات

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آنے والے وفود کی مہمان نوازی اور سیکیورٹی کیلئے ہر ممکن اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 6)

پاکستانی قیادت طویل المدتی امن معاہدہ کیلئے کوشاں

پاکستان کی کوشش ہے سارے معاملات یہیں بیٹھ کر طے ہوجائیں

ڈیزل، پٹرول بھی سستا، وزیراعظم کا مذاکرات کامیابی پر مزید کمی کا عندیہ

اسلام آباد (طارق محمود سمیر) وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے خطاب میں امریکہ ایران مذاکرات کے حوالے سے اعلان کیا ہے کہ یہ مذاکرات آج ہو رہے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 7)

مذاکرات: شرکاء کیلئے آن آرائیول ویزا کی سہولت

تمام متعلقہ ایئر لائنز کو بغیر ویزا بورڈنگ کی اجازت دینے کی ہدایت

وزارت داخلہ کا وزارت خارجہ، دفاع اور ایئر لائنز کو باضابطہ مراسلہ جاری

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد میں مذاکرات کے شرکاء کو آن ارائیول ویزا جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزارت داخلہ نے اسلام آباد ٹاکس 2026ء کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 8)

ویزا فری سفر سہولت کا اطلاق تیسرے ممالک کے شہریوں پر نہیں

اسلام آباد (وقائع نگار) اسلام آباد ٹاکس کیلئے ویزا فری سفر کی اجازت سے متعلق ترجمان دفتر خارجہ نے وضاحت جاری (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 9)

لبنانی راکٹ حملے، اسرائیل میں خطرے کے سائرن بج اٹھے

بیروت (فارن ڈیسک) جمعہ کی علی الصبح لبنان سے داغے گئے راکٹوں کے بعد اسرائیل کے وسیع علاقوں میں خطرے کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 10)

پنجاب سائبر کرائم یونٹ بنانے کی منظوری، نئی نسل کا تحفظ کرینگے، مریم نواز

شکایت اندراج کیلئے موبائل یونٹ، ورچوئل پولیس سٹیشن قائم، ایپ پر شکایت درج کی جاسکے گی

پنجاب آن لائن سیفٹی ایکٹ مسودے پر بھی کام شروع، سوشل میڈیا کریمنلز کو انجام تک پہنچائیں گے، وزیراعلیٰ

لاہور (نیوز رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بہت بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے سوشل میڈیا پر بچوں اور خواتین کی ہراسمنٹ اور بلیک میلنگ کے خاتمے کیلئے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 11)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

راولپنڈیز کو کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے ہاتھوں 61 رنز سے شکست

183 رنز کا تعاقب کرتے ہوئے 18 ویں اوور میں 121 رنز بنا کر آؤٹ

کراچی (سپورٹس رپورٹر) کراچی کے نیشنل اسٹیڈیم میں کھیلے گئے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 12)

شدید تنقید کے بعد بھارت کی لبنان میں شہادتوں پر تشویش، اسرائیل کا نام نہ لیا

لبنان میں بڑے پیمانے پر ہلاکتیں پریشان کن، عالمی قوانین، ملکی سلامتی کا احترام ضروری ہے، بھارتی وزارت خارجہ

بھارت امن کی حمایت کرے، ششی تھرور، مودی تنہا ہوگئے، بھارتی تجزیہ کار، سیز فائر میں پاکستانی کردار کا اعتراف

نئی دہلی (ممتاز نیوز) بھارت کی مودی حکومت نے ملک میں بڑھتی ہوئی تنقید کے بعد پہلی بار مشرق وسطیٰ بحران پر منہ کھول دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بھارتی وزارت خارجہ نے اسرائیل کا نام لیے بغیر لبنان میں ہلاکتوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 13)

تھینک یو پاکستان عالمی سطح پر ٹرینڈ کرنے لگا

جنگ بندی کے اعلان کے بعد پوری دنیا کی توجہ اب پاکستان پر مرکوز

اسلام آباد (ممتاز نیوز) جنگ بندی میں کامیابی کے بعد 70 فیصد عالمی رائے پاکستان کے حق میں ثبت ہوگئی اور تھینک یو پاکستان عالمی سطح پر ٹرینڈ کرنے لگا۔ تفصیلات (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 14)

پاکستان کی شاندار سفارتکاری، بھارت میں صف ماتم

پاکستان کی ثالثی پر انتہائی تذبذب، مایوسی اور حیرت کا شکار گودی بھارتی میڈیا سیخ پا

اسلام آباد (وقائع نگار) امریکہ ایران جنگ بندی کیلئے شاندار سفارتکاری کے باعث عالمی سطح پر پاکستان کی پذیرائی ہوئی ہے جبکہ بھارت میں صف ماتم بچھ گئی ہے۔ کشمیر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 15)

کئی ممالک میں لبنان و ایران میں اسرائیلی کارروائیوں کیخلاف مظاہرے

دی ہیگ/ایتھنز (این این آئی) دنیا کے مختلف شہروں میں لبنان اور (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 16)

جنگ بندی اتفاق رائے میں لبنان شامل تھا، پاکستانی نمائندہ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں پاکستان کے نمائندے نے تصدیق کی ہے کہ جنگ بندی کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 17)

جنگ بندی: عالمی برادری کے پاس پلان بی کی گنجائش نہیں ہے، بلاول بھٹو

ہمیں ہر صورت پلان اے یعنی امن کو ہی کامیاب بنانا ہوگا، ہماری پہلی ترجیح انعام نہیں، خطے میں پائیدار استحکام ہے

امریکہ ایران جنگ کے نتائج پوری دنیا کے لیے تباہ کن ہو سکتے ہیں، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی کا انٹرویو

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے نوبل امن انعام کی نامزدگی کے سوال اور (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 18)

امریکی بحریہ کا ڈرون آبنائے ہرمز پر دوران پرواز لاپتہ

جدید نگران ڈرون ایم کیو فور سی ٹرائٹن کی قیمت 200 ملین ڈالرز ہے

واضح نہیں ڈرون حادثے کا شکار ہوا یا اسے مار گرایا گیا، بھارتی میڈیا

نئی دہلی (فارن ڈیسک) بھارتی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی بحریہ کا جدید نگرانی کا ڈرون ایم کیو-4 سی ٹرائٹن آبنائے ہرمز کے اوپر پرواز کے دوران اچانک (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 19)

CITY NEWS
روزنامہ ممتاز
شہر کی خبریں

اسلام آباد، ایران امریکہ مذاکرات کے سلسلے میں لگائے گئے بینرز

ANF کارروائیاں، 49.7 کلوگرام منشیات برآمد

اسلام آباد، لاہور، کراچی، شیخوپورہ سے 9 ملزمان گرفتار، مقدمات درج

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے 4 کارروائیوں میں 49.7 کلوگرام منشیات برآمد کر کے 9 ملزمان گرفتار کر لیے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کارروائیاں اسلام آباد، شیخوپورہ، کراچی اور لاہور میں کی گئیں، کارروائی میں 44 کلو 800 گرام چرس، 4.4 کلوگرام ہیروئن اور 500 گرام آئس برآمد کی گئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کارروائیوں کا انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت مقدمات درج کر دیا گیا ہے۔

پنجاب، ڈومیسائل بنوانے کی مجموعی فیس 550 روپے مقرر

کابینہ نے طریق کار اور فیسوں میں اہم تبدیلیوں کی منظوری دیدی

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) پنجاب کابینہ نے ڈومیسائل بنوانے کے طریق کار اور فیسوں میں اہم تبدیلیوں کی باقاعدہ منظوری دیدی ہے۔ ڈومیسائل فیس 200، ای اسٹامپ 300 اور پی آئی ٹی بی کے سروس چارجز 50 روپے ادا کرنا ہوں گے۔ تمام ادائیگیاں موبائل ایپ ای پے پنجاب کے ذریعے ڈیجیٹلی کی جائیں گی۔

راولپنڈی، 11 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 11 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 11 ملزمان کو گرفتار کر کے 42 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ ٹیکسلا، بنی، دھمیال، روات، واہ کینٹ، نصیر آباد اور پیر ودھائی کے علاقوں میں کی گئیں۔

پیر فرید الحق شاہ گیلانی کی نماز جنازہ ادا، سپرد خاک

نماز جنازہ میں مذہبی وسیاسی شخصیات، کثیر تعداد میں لوگوں کی شرکت

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سجادہ نشین گولڑہ شریف پیر معین الدین شاہ گیلانی کے صاحبزادہ پیر فرید الحق شاہ گیلانی کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی، نماز جنازہ میں مذہبی وسیاسی شخصیات سمیت کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق سجادہ نشین گولڑہ شریف پیر معین الدین شاہ گیلانی کے صاحبزادہ پیر فرید الحق شاہ گیلانی کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ پیر معین الدین شاہ گیلانی نے خود پڑھائی۔ نماز جنازہ ایف 11 اسلام آباد میں کرکٹ گراؤنڈ میں ادا کی گئی نماز جنازہ میں مذہبی وسیاسی شخصیات کے کثیر تعداد میں لوگ شریک ہوئے۔

اسلام آباد میں امن مذاکرات کے باعث عام تعطیل ہونے کی وجہ سے اہم شاہراہ سنسان ہے

راولپنڈی ریلوے اسٹیشن پر تجاوزات کیخلاف آپریشن، کروڑوں کی اراضی واگزار

ریلوے پولیس اور انجینئرنگ ٹیم نے مشترکہ کارروائی میں 15 پختہ تجاوزات سمیت متعدد کمرشل دکانیں مسمار کر دیں، ترجمان

قبضہ مافیا کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد، سرکاری اراضی کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، وصال فخر سلطان راجہ

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) ریلوے پولیس نے قبضہ مافیا کے خلاف بڑا ایکشن لیتے ہوئے گڈز اپروچ روڈ پر گرینڈ اینٹی انکروچمنٹ آپریشن کے دوران کروڑوں روپے مالیت کی قیمتی اراضی واگزار کرا لی۔ ترجمان کے مطابق آپریشن میں ریلوے پولیس اور انجینئرنگ ٹیم نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے تقریباً 12 کروڑ روپے مالیت کی زمین خالی کروائی، اس دوران 15 پختہ تجاوزات سمیت متعدد کمرشل دکانیں مسمار کر دی گئیں جبکہ رہائشی و کمرشل دونوں نوعیت کی غیر قانونی تعمیرات کا خاتمہ کیا گیا۔ حکام نے کہا کہ کارروائی کے نتیجے میں تقریباً 2 کنال قیمتی کمرشل زمین واگزار کرائی گئی ہے۔ محمد وصال فخر سلطان راجہ نے قبضہ مافیا کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری اراضی کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور اس مقصد کیلئے ایسے آپریشن ناگزیر ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریلوے پولیس تجاوزات کے خاتمے کیلئے بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھے گی اور کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

راولپنڈی، ایران امریکہ مذاکرات کے سلسلے میں غیر ملکیوں کی سکیورٹی کے باعث فیض آباد کے مقام پر روٹ لگا ہوا ہے

اسلام آباد، 10 اشتہاریوں سمیت 17 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 10 مجرمان اشتہاریوں سمیت 17 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے 217 گرام آئس، 50 بوتلیں شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے مؤثر کریک ڈاؤن جاری ہے اس سلسلے میں تھانہ کوہسار، تھانہ ومن، تھانہ ترنول، تھانہ شمس کالونی، تھانہ سہالہ اور تھانہ لوہی بھیر پولیس ٹیموں نے سات ملزمان کو گرفتار کیا۔

راولپنڈی، چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) گنجمنڈی پولیس نے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری سال 2022 سے گنجمنڈی پولیس کو مطلوب تھا، پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا۔ ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

راولپنڈی، 3 منشیات سپلائر گرفتار، 4 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 3 منشیات سپلائر گرفتار کر کے 4 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 680 گرام چرس برآمد کی، صادق آباد پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 550 گرام چرس برآمد کی، رتہ امرال پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 160 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کیخلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

15 کی نااہلی، اسلام آباد کا شہری گاڑی سے محروم

گاڑی چوری ہونے کے 10 منٹ بعد کال، کیمروں میں آنے کے باوجود کارروائی نہ کی

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 15 پولیس کی انتہائی غفلت اور لاپرواہی کے باعث شہری سجاد حیدر ولد غلام حیدر اپنی گاڑی نمبر SINDHAND 200 سے محروم ہو گیا۔ تھانہ شہزاد ٹاؤن کے علاقہ علی پور نئی آبادی سے 5 اپریل کی صبح تین بجے کے قریب گھر کے باہر کھڑی گاڑی اغواء کی گئی، اغواء ہونے کے دس منٹ بعد سجاد حیدر نے 15 پر کال کی لیکن پولیس نے اس پر کوئی کارروائی نہ کی۔ سی سی ٹی وی کیمروں میں باقاعدہ دیکھا گیا کہ گاڑی راول ڈیم سے گزرتی ہوئی سنگجانی کے راستے اسے دارالحکومت سے باہر لے جایا گیا۔ شہزاد ٹاؤن سے لیکر سنگجانی تک کا ایک اتنا بڑا علاقہ اور پولیس کی موجودگی کے باوجود 15 کی جانب سے کوئی کارروائی نہ کرنا پولیس کی انتہائی نااہلی اور غفلت کے سوا کچھ نہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ 15 کا ادارہ شہریوں کو تحفظ دینے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے۔

قدیم مصوری کا تحفظ، پاکستان عالمی گروپ میں شامل

گندھارا دور کے ثقافتی ورثے کے تحفظ کی کوششوں پر گروپ میں شامل کیا گیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان نے دیواروں پر بنی قدیم مصوری (مورلز) کے تحفظ سے متعلق عالمی تکنیکی معیارات کو مزید بہتر بنانے کے لیے چین کی قیادت میں قائم 15 ممالک پر مشتمل ایک بین الاقوامی ورکنگ گروپ میں شمولیت اختیار کر لی ہے۔ یہ اقدام پاکستان کے اس وسیع اور متنوع مغل اور گندھارا دور کے ثقافتی ورثے کے تحفظ کی کوششوں کو آگے بڑھانے کے تناظر میں کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ ورکنگ گروپ ثقافتی ورثے کے تحفظ سے متعلق بین الاقوامی تنظیم برائے معیار بندی (آئی ایس او) کی تکنیکی کمیٹی (ISO/TC 349) کے تحت کام کر رہا ہے، باضابطہ طور پر 26 مارچ 2026 کو قائم کیا گیا تھا۔ اس کی قیادت دھنھوانگ اکیڈمی کر رہی ہے، جس کے ڈائریکٹر سو بومن اس کے کنوینر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق اس گروپ کا کام ایک اہم آئی ایس او معیار پر مبنی ہے جو مورلز کے بگاڑ کی درجہ بندی سے متعلق ہے اور 11 ممالک کے ماہرین نے اسے تیار کیا ہے۔ یہ معیار نقصان کی مختلف اقسام کو بیان کرنے کے لیے ایک مشترکہ تکنیکی زبان فراہم کرتا ہے۔

راولپنڈی میں آج بھی مقامی تعطیل کا اعلان

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) راولپنڈی میں (آج) ہفتہ کو بھی مقامی تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق 11 اپریل کو ضلع راولپنڈی میں تعطیل ہوگی۔ ڈی سی راولپنڈی کے مطابق ضلع بھر میں ایمرجنسی سروسز بحال رہیں گی۔

غیر ملکی وفود کی آمد پر راولپنڈی میں بھی سکیورٹی ہائی الرٹ رہی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے غیر ملکی وفود کی آمد و رفت کے پیش نظر شہر بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ کر دیا اور فول پروف انتظامات کو یقینی بنانے کیلئے غیر معمولی اقدامات کیے گئے ہیں۔ سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر پولیس کے اعلیٰ افسران خود فیلڈ میں موجود رہ کر سکیورٹی ڈیوٹیوں کی نگرانی کرتے رہے اور (آج) ہفتہ کو بھی مانیٹرنگ جاری رہی گی۔ پولیس ترجمان کے مطابق 5 ہزار سے زائد افسران و اہلکاروں نے سکیورٹی فرائض سرانجام دیئے، جبکہ شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر 350 سے زائد خصوصی پکٹس قائم کی گئیں، اہم شاہراہوں پر اضافی نفری تعینات رہی اور داخلی پوائنٹس پر چیکنگ کا نظام سخت کیا گیا۔

اوقات نماز

فجر	5:10	طلوع آفتاب	5:43
ظہر	1:30	عصر	5:15
مغرب	6:36	عشاء	8:30

موسم

ہفتہ کے روز ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک رہنے کا امکان۔ تاہم بعد از دوپہر شمال مشرقی بلوچستان اور زیریں خیبر پختونخوا میں چند مقامات پر تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی توقع ہے۔

ایچ ای سی کا بلوچستان کے ساحلی علاقوں کے 98 طلبہ کیلئے سکالرشپس کا اعلان

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان (ایچ ای سی) نے بلوچستان کے ساحلی علاقوں سے تعلق رکھنے والے 98 طلبہ کے لیے انڈر گریجویٹ اسکالرشپس فراہم کر دیں جس کا مقصد اعلیٰ تعلیم تک رسائی کو بڑھانا اور مقامی نوجوانوں کو چین-پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) سے وابستہ ابھرتے مواقع کے لیے تیار کرنا ہے۔ ایچ ای سی نے کہا کہ 98 منتخب طلبہ کے علاوہ ساحلی علاقوں سے مزید طلبہ کے انتخاب کا عمل بھی جاری ہے۔ ایچ ای سی بلوچستان کے لیے "کوسٹل ریجن ہائر ایجوکیشن اسکالرشپس فار انڈر گریجویٹ پروگرامز" پر عمل درآمد کر رہا ہے۔

سپرنیٹ کا مقامی بینک کیساتھ سائبر سکیورٹی معاہدہ

ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کیلئے سائبر سکیورٹی سلوشن فراہم کی جائے گی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سپرنیٹ ٹیکنالوجیز لمیٹڈ نے اپنی ذیلی کمپنی سپرنیٹ سکیور سلوشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ذریعے ایک معروف بینک کے ساتھ ملٹی ملین ڈالر کا سائبر سکیورٹی معاہدہ کر لیا ہے۔ سپرنیٹ سکیور سلوشنز نے پاکستان کے ایک سرفہرست بینک کے ساتھ 5 سالہ معاہدہ کیا۔ سال 2021 میں کیے گئے پہلے 5 سالہ معاہدے کی کامیاب تکمیل کے بعد مسلسل دوسری مرتبہ معاہدہ دونوں اداروں کے درمیان طویل المدتی کاروباری تعلقات کے تسلسل کی عکاسی ہے۔ نئے معاہدے کے تحت سپرنیٹ سکیور سلوشنز، بینک کے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کو مضبوط کرنے کے لیے زیادہ جدید اور اپ گریڈڈ سائبر سکیورٹی سلوشن فراہم کرے گی۔ اس منصوبے کے تحت اینڈ پوائنٹ سکیورٹی سسٹمز نافذ کیے جائیں گے جو ملک بھر میں بینک کے 10 ہزار سے زائد ملازمین کے ڈیجیٹل ماحول کو تحفظ فراہم کریں گے۔ کمپنی کے مطابق ملٹی ملین ڈالر کا معاہدہ اگلے 5 سالوں میں اس کے سائبر سکیورٹی ریونیو پائپ لائن میں نمایاں اضافہ کرے گا اس معاہدے کے علاوہ سپرنیٹ سکیور سلوشنز پہلے ہی اس بینک کے ساتھ 3 سالہ خصوصی رسائی کے انتظام کے سلوشن پر کام کر رہی ہے۔

سپیریئر کنسلٹنگ کے زیر اہتمام 18 اپریل کو سیمینار

شرکاء کو بیرون ملک روزگار، تعلیمی مواقع پر رہنمائی فراہم کی جائے گی

اسلام آباد (وقائع نگار) بیرون ملک روزگار اور تعلیم کے مواقع سے متعلق رہنمائی اور قانونی امیگریشن کے فروغ کے لیے سپیریئر کنسلٹنگ کے زیر اہتمام ون ٹو ون سیمینار 18 اپریل کو اسلام آباد میں منعقد ہوگا۔ مقامی ہوٹل میں ہونے والے دو روزہ سیمینار میں امیگریشن سے متعلق منصوبہ بندی، بیرون ملک تعلیم، وزٹ ویزا آپشنز اور بیرون ملک اسٹیلمنٹ سے متعلق اہم امور پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ سیمینار میں پیشگی طے شدہ ون ٹو ون سیشنز کے ذریعے پروفیشنلز، طلبہ اور خاندانوں کو بیرون ملک مواقع سے متعلق معلومات دی جائیں گی جبکہ امیگریشن پلاننگ، تعلیمی آپشنز، وزٹ ویزا اور امریکہ، برطانیہ، آسٹریلیا اور کینیڈا سمیت مختلف ممالک میں سیٹلمنٹ سے متعلق امور زیر بحث آئیں گے۔

وفاقی اردو یونیورسٹی میں انٹرنیشنل لیکچر سیریز کے سلسلے میں ڈاکٹر ماریہ طلبہ سے خطاب کر رہی ہیں

سفارتی کامیابیوں پر اٹک چیمبر آف کامرس کا خراج تحسین

جنگ بندی ذمہ دار سفارتی حکمت عملی کا مظہر ہے، شاہد زمان

اٹک (نامہ نگار) صدر اٹک چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ACCI) شاہد زمان نے کہا ہے کہ ضلع اٹک کی تاجر و صنعت کار برادری کی نمائندگی کرتے ہوئے حکومت پاکستان اور عسکری قیادت کو اس غیر معمولی سفارتی کامیابی پر بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہیں، جس کے نتیجے میں امریکہ اور اسلامی جمہوریہ ایران کے درمیان جنگ بندی ممکن ہوئی، یہ کامیابی، جسے عالمی سطح پر اسلام آباد معاہدہ کے نام سے جانا جا رہا ہے، نہ صرف پاکستان کی مؤثر اور ذمہ دار سفارتی حکمت عملی کا مظہر ہے بلکہ عالمی امن کے قیام میں پاکستان کے فعال کردار کی ایک روشن مثال بھی ہے اٹک کی کاروباری برادری اس حقیقت کو بخوبی سمجھتی ہے کہ اس اہم ثالثی نے ایک ممکنہ تباہ کن علاقائی تصادم کو روکنے میں کلیدی کردار ادا کیا، خصوصاً معزز وزیر اعظم شہباز شریف اور چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی مدبرانہ قیادت اور انتھک کاوشوں نے عالمی سطح پر پاکستان کی ساکھ کو مزید مستحکم کیا ہے۔

انسداد پولیو مہم 13 اپریل سے شروع کی جائیگی

4 کروڑ 50 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) 2026 کی دوسری قومی انسداد پولیو مہم ملک بھر میں 13 تا 19 اپریل کو منعقد کی جائے گی۔ نیشنل ای او سی کے مطابق قومی پولیو مہم کے دوران 4 کروڑ 50 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے، پولیو مہم کے دوران بچوں کو وٹامن اے کی اضافی خوراک بھی فراہم کی جائے گی، 4 لاکھ سے زائد پولیو ورکرز گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گے۔ پنجاب میں 2 کروڑ 30 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے، سندھ میں 1 کروڑ 6 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے، خیبر پختونخوا میں 72 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے، بلوچستان میں 26 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے، اسلام آباد میں 4 لاکھ 60 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے، گلگت بلتستان میں 2 لاکھ 28 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔

اسلام آباد پولیس کا سرچ آپریشن، 26 مشکوک افراد 13 موٹر سائیکل تھانے منتقل

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کے دوران 26 مشکوک افراد اور 13 موٹر سائیکلوں کو جانچ پڑتال کیلئے تھانہ جات منتقل کیا جبکہ 901 افراد، 323 گھرانوں، 26 ہوٹلوں، 74 دوکانیں، 180 موٹر سائیکلوں اور 73 گاڑیوں کو چیک کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس ضمن میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی سپرویژن میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشنز کیے گئے۔

اسلام آباد، کوآرڈینیٹر مکہ وخدام الحجاج ذوالفقار خان تربیتی پروگرام سے خطاب کر رہے ہیں

حج آپریشن، 1152 خدام کی خصوصی تربیت مکمل

جی پی ایس ٹریکنگ، سمارٹ مانیٹرنگ کے ساتھ خدام خدمت کیلئے تیار

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی نے حج آپریشنز میں اسٹریٹیجک تبدیلی لاتے ہوئے پہلی بار خدام الحجاج کی فیلڈ ڈپلائمنٹ کے ساتھ 1152 اہلکاروں کی تین روزہ سپیشلائزڈ ٹریننگ مکمل کر لی ہے۔ جدید سمارٹ سروس ماڈل کے تحت ہر خادم کو اس کی مخصوص ذمہ داریوں کے مطابق مہارت فراہم کی گئی ہے تاکہ حجاز مقدس میں زیرو ڈیفیکٹ سروس ڈیلیوری کو یقینی بنایا جا سکے۔ یہ خدام اب محض انتظامی معاون نہیں بلکہ ضیوف الرحمن کے لیے محافظ اور گائیڈ کا کردار ادا کریں گے۔ کوآرڈینیٹر مکہ وخدام الحجاج ذوالفقار خان نے بتایا کہ وفاقی وزیر مذہبی امور اور وفاقی سیکرٹری کی ہدایات پر خدام کی 10 روزہ جنرل ٹریننگ کے بعد، دوسرے مرحلے میں سپیشلائزڈ ٹریننگ کو تین کلیدی حصوں میں تقسیم کیا گیا۔

آئی جی اسلام آباد کا ریڈ زون کا دورہ، افسران کو سکیورٹی موثر بنانے کے احکامات

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) آئی جی سید علی ناصر رضوی نے چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کے ہمراہ ریڈ زون کا دورہ کر کے غیر ملکی وفود کی آمد و رفت کے پیش نظر سکیورٹی انتظامات، داخلی و خارجی راستوں اور اہم سرکاری و نجی اداروں کے حفاظتی اقدامات کا جائزہ لیا، تمام افسران کو سکیورٹی اقدامات کو مزید سخت اور موثر بنانے کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کے ہمراہ ریڈ زون کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ریڈ زون میں غیر ملکی وفود کی آمد و رفت کے تناظر میں سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران داخلی و خارجی راستوں، اہم سرکاری و نجی عمارات، سفارتی مراکز اور دیگر حساس مقامات پر کئے گئے۔

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد کا ناکوں، مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے ناکہ جات اور مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کر کے ڈیوٹی پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے موثر اقدامات کئے ہیں۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے مختلف ناکہ جات اور ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا اور موقع پر موجود پولیس افسران و جوانوں کے ساتھ ملاقات کی۔

راولپنڈی، شہری کی گاڑی اپنے نام ٹرانسفر کرانے والا مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) ویسٹریج پولیس نے خیانت مجرمانہ کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ویسٹریج پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خیانت مجرمانہ کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، زیر حراست اشتہاری نومبر 2025 سے پولیس کو مطلوب تھا، زیر حراست اشتہاری نے شہری کی بطور امانت رکھوائی ہوئی گاڑی اپنے نام ٹرانسفر کروا لی تھی، زیر حراست اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، اشتہاری مجرمان اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

سانحہ اوجھڑی کیمپ، خاقان عباسی کو خراجِ عقیدت

ملک وقوم کیلئے خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، انعام ظفر، عثمان عباسی

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) عوام پاکستان پارٹی کے مرکزی نائب صدر چوہدری انعام ظفر اور ایڈیشنل جنرل سیکرٹری حافظ عثمان عباسی نے کہا کہ 10 اپریل 1988 کا اوجھڑی کیمپ سانحہ پاکستان کی تاریخ کا ایک انتہائی افسوسناک اور ناقابل فراموش واقعہ ہے، جس نے ملک کو گہرے دکھ اور نقصان سے دوچار کیا، سانحہ میں سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی کے والد خاقان عباسی بھی شہید ہوئے، جن کی ملک وقوم کے لیے خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ اس سانحے کے دوران سابق وزیر اعظم پاکستان اور سربراہ عوام پاکستان پارٹی شاہد خاقان عباسی کے والد محمد خاقان عباسی شہید ہوئے۔ وہ اس وقت وفاقی وزیر برائے پیداوار اور پاک فضائیہ کے ریٹائرڈ ایئر کموڈور تھے۔ چوہدری انعام ظفر اور عثمان عباسی نے کہا کہ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب اسلام آباد میں گولہ بارود کے ذخیرے میں آگ بھڑک اٹھی۔

جائیداد ٹرانسفر فیس کم کرنا خوش آئند ہے، ظفر بختاوری

سی ڈی اے نے ایک دانشمندانہ اور عوام دوست فیصلہ کیا، رہنما یو جی بی

اسلام آباد (وقائع نگار) سی ڈی اے کی جانب سے ٹرانسفر فیس کو 3 فیصد سے کم کر کے 1 فیصد کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے سیکرٹری جنرل یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) ظفر بختاوری نے کہا ہے کہ یہ اسلام آباد کے شہریوں، تاجروں اور کاروباری برادری کا ایک دیرینہ اور نہایت اہم مطالبہ تھا، جسے پورا کر کے سی ڈی اے نے ایک دانشمندانہ اور عوام دوست اقدام کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے عوامی مشکلات کو بروقت سمجھتے ہوئے جس عملی وژن اور سنجیدگی کا مظاہرہ کیا ہے، وہ قابل تحسین ہے۔ ظفر بختاوری نے کہا کہ ماضی میں ٹرانسفر فیس کی بلند شرح کے باعث جائیدادوں کی منتقلی کا عمل سست روی کا شکار ہو گیا تھا اور خرید و فروخت کی سرگرمیاں بھی بری طرح متاثر ہو رہی تھیں۔

اسلام آباد، کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کیلئے سکیورٹی اہلکار کومبنگ آپریشن کر رہے ہیں

روزنامہ ممتاز
THE DAILY MUMTAZ
پانی۔ عبدالمنتظر
ہفتہ 11 اپریل 2026ء 22 شوال المکرم 1447ھ

روس کا ایسٹر پر یوکرائن کیساتھ جنگ بندی کا اعلان

11 اور 12 اپریل روسی فوج کو جنگی کارروائیاں روکنے کی ہدایت

ماسکو (انٹرنیشنل ایڈیٹر) روس اور یوکرائن کے مابین 11 اور 12 اپریل کو جنگ بندی کا اعلان کیا گیا ہے۔ یہ اعلان روسی صدر ولادیمیر پوتن نے آرتھوڈوکس ایسٹر کے موقع پر کیا۔ جنگ بندی 12 اپریل کی شام 4 بجے سے شروع ہو کر 13 اپریل کو رات 12 بجے تک جاری رہے گی۔ کریملن کے ترجمان دمتری پیسکوف کے مطابق جنگ بندی 11 اپریل کی شام 4 بجے سے شروع ہو کر 12 اپریل کی رات تک جاری رہے گی۔ اس دوران روسی افواج کو تمام محاذوں پر جنگی کارروائیاں روکنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ دفاعی آمدنی عبدالمنتظر نے ہفتہ وار پریس بریفنگ میں بتایا کہ 11 اپریل سے 17 اپریل تک ہونے والے ایف ٹی اے اجلاس میں پاکستان کی برآمدات کے اہداف کا جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی برآمدات 2030ء تک 60 ارب ڈالر تک لے جانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ ہم اس ہدف کو حاصل کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ ہم نے برآمدات کے فروغ کے لیے 10 ارب روپے کا ایکسپورٹ فنانس پیکیج دیا ہے

روزنامہ ممتاز

بقیہ جات

بقیہ 1 پٹرول سستا

عوام نے جب مہنگائی کو برداشت کیا تو اب انہیں پورا ریلیف ملنا چاہیے، مہنگائی کو روکنے کے لیے حکومت نے 129 ارب روپے خرچ کیے تھے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمت میں کمی کے بعد رات 12 بجے کے بعد سے ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں 135 روپے جبکہ پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 12 روپے کمی کا اعلان کیا۔ حالیہ کمی کے بعد ڈیزل کی فی لیٹر قیمت 385 روپے جبکہ پیٹرول کی قیمت 366 روپے ہوجائے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ صوبائی حکومتوں کے تعاون سے چاروں صوبوں، گلگت بلتستان وآزاد کشمیر کیلیے جو سبسڈی کا اعلان کیا تھا وہ جاری رہے گا۔ دوسری جانب حکومت کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا جس کے مطابق ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں 134.81 روپے جبکہ پیٹرول کی قیمت میں 11.83 روپے کی کمی کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق حالیہ کمی کے بعد پیٹرول کی فی لیٹر قیمت 366 روپے 58 پیسے جبکہ ڈیزل کی فی لیٹر قیمت 385 روپے 54 پیسے ہوگئی۔ ڈیزل اور پیٹرول کے بعد مٹی کے تیل اور لائٹ ڈیزل کی قیمت میں بھی کمی کر دی گئی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق مٹی کے تیل کی قیمت میں فی لیٹر 17 روپے 33 پیسے کی کمی کی گئی ہے جس کے بعد نئی قیمت 450 روپے 15 پیسے فی لیٹر مقرر ہوگئی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ لائٹ ڈیزل آئل کی قیمت میں بھی 25 روپے 31 پیسے فی لیٹر کمی کی گئی ہے، نئی قیمت 369 روپے 72 پیسے فی لیٹر مقرر ہوگئی۔

بقیہ 2 مذاکرات آج

، وفاقی دارالحکومت اس وقت عالمی توجہ کا مرکز بن چکا ہے جہاں امریکہ اور ایران کے درمیان تاریخی امن مذاکرات ہونگے۔ ان مذاکرات کو بین الاقوامی سطح پر اسلام آباد معاہدہ کی جانب پہلا بڑا قدم قرار دیا جارہا ہے، مذاکرات دفتر خارجہ یا کسی نجی ہوٹل میں ہونے کا امکان ہے، آج وفود کی سطح پر ابتدائی بات چیت ہوگی۔ امریکی وفد کی قیادت نائب صدر جے ڈی وینس، اسٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب ایرانی وفد کی قیادت محمد باقر قالیباف اور وزیر خارجہ عباس عراقچی کر رہے ہیں، ان مذاکرات میں چین، روس اور خلیجی ممالک کی بطور مبصر شرکت بھی متوقع ہے۔ اسلام آباد میں مذاکرات کے مقامات (دفتر خارجہ یا نجی ہوٹل) کے اطراف غیر معمولی سیکورٹی الرٹ کر دی گئی ہے، اس تاریخی لمحے کی کوریج کے لیے دنیا بھر سے سینکڑوں بین الاقوامی صحافی اور میڈیا ہاؤسز اسلام آباد پہنچ چکے ہیں، جبکہ مزید آمد کا سلسلہ جاری ہے۔ علاوہ ازیں اسلام آباد وزیراعظم شہباز شریف نے قوم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خلیج میں اب جنگ نہیں امن کی باتیں ہورہی ہیں، جو فریقین کل جنگ میں آمنے سامنے تھے آج بات چیت پر تیار ہوچکے ہیں، اس پیش رفت پر برادر ملک ایران اور امریکی قیادت کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک نے میری جنگ بندی کی تجویز قبول کی شکریہ ادا کرتا ہوں، دونوں ممالک کی قیادت اسلام آباد تشریف لا رہی ہیں، اس میزبانی کا یہ شرف صرف پاکستان کیلئے نہیں عالم اسلام کیلئے لمحہ فخریہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسحاق ڈار ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرو جنہوں نے دن رات کام کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ فیلڈ مارشل نے آگ کے شعلے بجھانے اور مذاکرات کرانے میں کلیدی کردار ادا کیا، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ان خدمات کو تاریخ ہمیشہ سنہرے حروف میں یاد رکھے گی، درخواست ہے عوام دعا کریں کہ اللہ مذاکرات کو کامیاب کرے۔ علاوہ ازیں وزیراعظم شہباز شریف سے سعودی عرب کے وزیر خزانہ شیخ محمد بن عبداللہ الجدعان نے ملاقات کی جس کا اعلامیہ جاری کردیا گیا، ملاقات میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر بھی شریک تھے، وزیراعظم شہباز شریف نے خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا، وزیراعظم نے سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے لیے نیک خواہشات اور احترام کا اظہار کیا، وزیراعظم نے سعودی ولی عہد کے ساتھ حالیہ ملاقاتوں اور رابطوں کا تذکرہ کیا، وزیراعظم نے حالیہ برسوں میں سعودی عرب کی جانب سے پاکستان کی مالی و اقتصادی حمایت کو سراہا سعودی عرب کی اقتصادی اور مالی حمایت نے پاکستان کے معاشی استحکام میں اہم کردار ادا کیا، وزیراعظم شہباز شریف نے کہا پاکستان کے عوام ہر حال میں سعودی عرب کے بھائیوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں، سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی قیادت میں باہمی احترام کا یہ رشتہ مزید مضبوط ہوا، وزیراعظم نے زندگی کے تمام شعبوں میں سعودی عرب کے ساتھ تعاون کو مزید مضبوط کرنے کے عزم کا اظہار کیا، وزیراعظم نے خصوصاً تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی ترقی میں تعاون کو مضبوط کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ مزید برآں وزیراعظم محمد شہباز شریف کو برطانیہ کے وزیراعظم کیئر اسٹارمر کا فون کیا۔ وزیراعظم اسٹارمر نے امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی میں سہولت فراہم کرنے اور مذاکرات کی بحالی کے لیے پاکستان کی مؤثر سفارتی کاوشوں کو بے حد سراہا۔ انہوں نے اسلام آباد میں امن مذاکرات کی میزبانی پر وزیراعظم محمد شہباز شریف کو مبارکباد دی اور اس عمل کی کامیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ علاقائی امن واستحکام کے لیے پاکستان کے مخلصانہ عزم کا اعادہ کرتے ہوئے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اہم یورپی اور بین الاقوامی رہنماؤں، بشمول وزیراعظم اسٹارمر، کی جانب سے جاری کردہ مشترکہ بیان کا خیر مقدم کیا جس میں پاکستان کی امن کوششوں کی تائید کی گئی ہے۔ دونوں رہنماؤں نے اس امر کی اہمیت پر زور دیا کہ جنگ بندی برقرار رہے اور خطے میں پائیدار امن واستحکام کے لیے سازگار ماحول فراہم کرے۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں مزید فروغ دینے کے لیے مل کر کام کیا جائے گا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وزیراعظم اسٹارمر کو پاکستان کے سرکاری دورے کی اپنی پرتپاک دعوت کا اعادہ بھی کیا۔

بقیہ 3 امریکہ ایران

کی دھمکی دیدی۔ نیویارک ٹائمز کو دیے گئے ایک انٹرویو میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکی جنگی بحری جہازوں کو دنیا کے بہترین ہتھیاروں سے دوبارہ جدید اور طاقتور ہتھیاروں سے لیس کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے دھمکی دی کہ اگر مذاکرات ناکام ہوگئے تو امریکا ان ہتھیاروں کا استعمال ایران پر کرے گا اور انتہائی مؤثر طریقے سے کرے گا۔ صدر ٹرمپ نے یہ بھی کہا کہ صورتحال آئندہ 24 گھنٹوں میں واضح ہوجائے گی اور جلد معلوم ہوجائے گا کہ مذاکرات کا نتیجہ کیا نکلتا ہے۔ اس سے قبل اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر ایک سخت پیغام میں انہوں نے کہا تھا کہ ایران کو یہ سمجھ نہیں آ رہا کہ اس کے پاس زیادہ آپشنز نہیں بچے ہیں۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے بیان میں یہ بھی کہا کہ ایران کے پاس کوئی کارڈ نہیں سوائے اس کے کہ وہ بین الاقوامی پانیوں کے ذریعے دنیا کو وقتی طور پر بلیک میل کرے۔ انہوں نے مزید دعویٰ کیا کہ ایران بین الاقوامی آبی گزرگاہوں کے ذریعے دنیا پر وقتی دباؤ ڈالنے کی کوشش کر رہا ہے۔ صدر ٹرمپ کے بقول ایران کی موجودہ حیثیت برقرار ہے اس وجہ سے کہ وہ اب بھی مذاکرات کر رہا ہے۔ امریکی صدر

ٹرمپ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر لکھا کہ ایران آبنائے ہرمز کے ذریعے تیل کی ترسیل کی اجازت دینے کے حوالے سے انتہائی برا عمل اور ان کے بقول شرمناک رویہ اپنا رہا ہے، ایسی رپورٹیں موصول ہو رہی ہیں کہ ایران آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تیل بردار بحری جہازوں پر فیس عائد کر رہا ہے۔ انہوں نے تنبیہ کی کہ بہتر ہوگا کہ ایران ایسا نہ کرے اور اگر وہ ایسا کر رہا ہے تو اسے فوری طور پر رک جانا چاہیے۔ چند منٹ بعد اپنی دوسری پوسٹ میں ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا کہ بہت جلد آپ دیکھیں گے کہ تیل کی روانی شروع ہوجائے گی، چاہے اس میں ایران کی مدد شامل ہو یا نہ ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ ڈونلڈ ٹرمپ نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ایران کے پاس کبھی بھی جوہری ہتھیار نہیں ہوں گے۔ انہوں نے حالیہ محاذ آرائی میں حاصل ہونے والے نتائج کو حقیقی فتح قرار دیا۔ انہوں نے اپنی پوسٹ میں مزید کہا کہ میری یہ دولت ایران بھی کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہیں کر سکے گا۔ انہوں نے اشارہ دیا کہ تیل کی ترسیل جلد ہی بحال ہوجائے گی، چاہے ایران تعاون کرے یا نہ کرے۔ مزید برآں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور برطانوی وزیراعظم سر کیئر اسٹارمر میں ٹیلیفونک رابطہ ہوا، آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت بحال کرنے پر بات چیت ہوئی، برطانوی وزیراعظم کے دفتر کے مطابق دونوں رہنماؤں نے آبنائے ہرمز سے بحری جہازوں کی بلا رکاوٹ آمدورفت کیلئے عملی منصوبہ تیار کرنے پر زور دیا۔ ادھر امریکا کے نائب صدر جے ڈی وینس نے ایران کے ساتھ مثبت مذاکرات کی امید ظاہر کردی، امریکی وفد کی سربراہی کے لیے میری لینڈ سے پاکستان روانگی سے قبل ایئر پورٹ پر میڈیا سے گفتگو میں نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا اگر ایران نے سنجیدگی کا مظاہرہ نہ کیا، چالاکی کی کوشش کی تو امریکی مذاکراتی ٹیم مثبت ردعمل نہیں دے گی۔ نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا کہ امریکی صدر ٹرمپ کی گائیڈ لائن کے تحت مذاکرات میں حصہ لینے جا رہا ہوں، یقین ہے کہ ایران کے ساتھ مذاکرات مثبت رہیں گے۔ نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا کہ اگر ایرانی قیادت نیک نیتی کیساتھ بات چیت پر آمادہ ہوئی تو امریکا بھی کھلے دل سے آگے بڑھنے کو تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایران نے سنجیدگی کا مظاہرہ نہ کیا، چالاکی کی کوشش کی تو امریکی مذاکراتی ٹیم مثبت ردعمل نہیں دے گی۔ واضح رہے کہ امریکا اور ایران کے مذاکرات پاکستان کی ثالثی میں (آج) ہفتہ کو اسلام آباد میں ہوں گے، امریکی وفد میں نائب صدر جے ڈی وینس، نمائندہ خصوصی اسٹیو وٹکوف اور صدر ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر جبکہ ایرانی وفد میں وزیر خارجہ عباس عراقچی اور اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ باقر قالیباف شامل ہیں۔ دوسری جانب ایران کے نئے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے اپنے تازہ تحریری پیغام میں کہا ہے کہ ان کا ملک امریکا کے ساتھ جنگ نہیں چاہتا مگر ایک قوم کے طور پر اپنے حقوق کا دفاع کرے گا۔ فرانسیسی خبر رساں ادارے نے ایران کے سرکاری ٹیلی وژن کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ یہ پیغام ان کے والد آیت اللہ خامنہ ای کی موت کے 40 روز پورے ہونے کے موقع پڑھ کر سنایا گیا، جو کہ 28 فروری کو ہونے والے حملوں کا نشانہ بنے تھے۔ مجتبیٰ خامنہ ای کا کہنا تھا کہ ہم نے جنگ چاہی تھی نہ چاہتے ہیں لیکن ہم کسی بھی صورت میں اپنے جائز حقوق سے دستبردار نہیں ہوں گے اور اس سلسلے میں ہم اس پوری مزاحمت کو ایک مجموعی فریضہ سمجھتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران آبنائے ہرمز کے سٹریٹجک انتظام کو ایک نئے مرحلے میں داخل کرے گا۔ مجتبیٰ خامنہ ای نے ایرانی عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ جنگ بندی کے اعلان کے باوجود وہ یہ نہ سوچیں کہ سڑکوں پر نکلنا اب ضروری نہیں رہا۔ پیغام کے مطابق انہوں نے کہا کہ عوامی مقامات پر بلند ہونے والی آپ کی آوازیں یقیناً مذاکرات کے نتائج پر اثر انداز ہوسکتی ہیں۔ مزید برآں تہران نائب ایرانی وزیر خارجہ مجید تخت روانچی نے کہا ہے کہ ایران کی 10 نکاتی تجاویز مذاکرات کی بنیاد کے طور پر منظور ہوئی تھیں، ایران ایسی جنگ بندی نہیں چاہتا جو جارح کو دوبارہ حملے کی اجازت دے، ایرانی نائب وزیر خارجہ نے کہا ایران سفارت کاری اور مذاکرات پر یقین رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران غلط معلومات کی بنیاد پر بات چیت اور نئے سرے سے جارحیت کی راہ ہموار کرنے کے کسی عمل کو مسترد کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران ایسی جنگ بندی نہیں چاہتا جو جارح کو دوبارہ حملے کی اجازت دے، جو معاہدہ ہو اس میں دشمنی کو روکنے کی ضمانتیں شامل ہونی چاہئیں۔ دریں اثنا اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کے مشرق وسطیٰ تنازع کے لیے خصوصی مندوب جین آرنالٹ نے ایران کے اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں کی ہیں، جن میں وزارت خارجہ کے عہدیداران اور ایرانی ریڈ کریسنٹ کے نمائندگان شامل تھے۔ عرب ٹی وی کے مطابق اقوام متحدہ کے ترجمان سٹیفن دوجارک کے نے بتایا کہ جین آرنالٹ نے ان ملاقاتوں کے دوران جاری تنازع کے حل سے متعلق مختلف آرا سنیں اور امن کے قیام کے لیے اقوام متحدہ کے عزم کا اعادہ کیا۔ ترجمان نے بتایا کہ ایلچی نے ان شہری مقامات کا بھی دورہ کیا جو حالیہ حملوں میں متاثر ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سیکرٹری جنرل کی ہدایت پر جین آرنالٹ مشرق وسطیٰ کے مختلف ممالک کا دورہ جاری رکھیں گے تاکہ تنازع کے پرامن اور دیرپا حل کے لیے کوششوں کو آگے بڑھایا جاسکے۔ اقوام متحدہ نے اس بات پر زور دیا ہے کہ خطے میں کشیدگی کے خاتمے اور جامع حل کے لیے سفارتی کوششیں جاری رہیں گی۔

بقیہ 4 اجازت

سرگرمی میں ملوث نہ ہوں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایرانی حکام نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز اس وقت کھلی ہوئی ہے تاہم جہازوں کے محفوظ گزرنے کیلئے ضروری ہے کہ وہ ایرانی افواج کے ساتھ رابطے میں رہیں تاکہ تکنیکی اور سکیورٹی معاملات کو یقینی بنایا جا سکے۔ ایرانی نائب وزیر کے مطابق ایران اپنے متعین کردہ محفوظ راستوں کے ذریعے جہازوں کی حفاظت کو یقینی بنائے گا۔ دریں اثنا شپنگ ڈیٹا نے بتایا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں میں آبنائے ہرمز سے 4 خشک مال بردار جہاز گزرے ہیں، 2 ٹینکر، ایک سامان سے لدا جہاز اور ایک سپر ٹینکر واپس ایران پہنچ رہے ہیں۔ شپنگ ڈیٹا کے مطابق خام تیل کے سپر ٹینکر سمیت 3 آئل ٹینکر 24 گھنٹوں میں ایران سے نکلے ہیں، گیس ٹینکر اور خشک مال بردار جہاز آبنائے ہرمز سے باہر نکلنے کے عمل میں ہیں۔ شپنگ ڈیٹا کے مطابق گزشتہ روز آبنائے ہرمز میں سفر کرنے والے زیادہ تر جہازوں کا تعلق ایران سے تھا۔

بقیہ 5 ٹیلیفونک رابطہ

خلاف ورزیوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے فرانس کے وزیر خارجہ ژاں نوئل بیروٹ نے ٹیلیفونک رابطہ کیا، فرانسیسی وزیر خارجہ نے جنگ بندی یقینی بنانے میں پاکستان کی کوششوں کو سراہا۔ اعلامیے کے مطابق ژاں نوئل نے خطے میں امن کیلئے پاکستان کے سفارتی کردار کی حمایت کا اظہار کیا، دونوں وزرائے خارجہ نے لبنان میں جنگ بندی کی خلاف ورزیوں پر تشویش کا اظہار کیا اور جنگ بندی کے مکمل نفاذ اور احترام کی اہمیت پر زور دیا۔ دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور فرانس کا دو طرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے، دونوں ممالک نے تجارت اور اقتصادی تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے قریبی رابطے جاری رکھنے کا فیصلہ کیا۔ دریں اثنا ہالینڈ نے امریکا ایران جنگ بندی میں پاکستان کے کردار کی تعریف کی ہے۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور نیدرلینڈز کے وزیر خارجہ ٹام بیرینڈسن کا ٹیلیفونک رابطہ ہوا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نیدرلینڈز کے وزیر خارجہ نے امن اور قائم بندی کیلیے پاکستان کی ثالثی کو سراہا، اور دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر لبنان میں جنگ بندی کی سنگین خلاف ورزیوں پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے تجارتی، اقتصادی اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔

بقیہ 6 سیکیورٹی

ہے کہ ریڈ زون کو مکمل سیل کیا جائے گا اور صرف متعلقہ افراد کو داخلے کی اجازت ہوگی۔ اسلام آباد مذاکرات کیلئے غیر ملکی وفود کی آمد کے حوالے سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت سکیورٹی انتظامات سے متعلق خصوصی اجلاس ہوا جس میں امریکہ۔ ایران مذاکرات کے حوالے سے تیاریوں اور سکیورٹی پلان کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے غیر ملکی مہمانوں کے لیے انتظامات کی ہدایت کی، محسن نقوی نے کہا کہ جنگ بندی کے بعد امریکہ، ایران مذاکرات کا اسلام آباد میں انعقاد پاکستان کے لیے ایک اعزاز کی بات ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے آنے والے وفود کی مہمان نوازی اور سکیورٹی کیلئے ہر ممکن اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ریڈ زون کو مکمل سیل کیا جائے گا اور صرف متعلقہ افراد کو داخلے کی اجازت ہو گی۔ اس ضمن میں وزارت داخلہ میں کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے۔ اجلاس میں وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری، وفاقی سیکرٹری داخلہ، چیف کمشنر، آئی جی اسلام آباد پولیس، کمشنر راولپنڈی، ڈی جی آئی بی، ڈی سی اسلام آباد، رینجرز، فیڈرل کانسٹیبلری اور وزارت خارجہ کے نمائندوں نے شرکت کی۔ دوسری طرف وفاقی دارالحکومت میں فول پروف سیکیورٹی کے انتظامات کیے گئے ہیں۔ ریڈ زون سرکل میں پانچ کلومیٹر کی توسیع کر دی گئی، نئی چوکیاں بھی بنا دی گئیں، ریڈ زون میں ڈی چوک بلیو ایریا سے سرکل بڑھا کر سیونتھ ایونیو تک کر دیا گیا۔ سرینگر ہائی وے پر سرینا کے بجائے ریڈ زون کا دائرہ وزیراعظم ہاؤس تک بڑھایا گیا، امریکی ایکسپریس وے پر پہاڑہ کو ہاؤ اور کشمیر چوک تک ریڈ زون کی حد بندی کی گئی۔ بلیو ایریا میں فضل الحق روڈ سے ریڈ زون کا داخلہ مکمل طور پر بند کیا گیا۔ وزیراعظم ہاؤس ۔ خیابان سہروردی، آبپارہ چوک سمیت دیگر پوائنٹ پر پولیس الرٹ کر دی گئی۔ مارگلہ میں صرف مخصوص گاڑیوں کو داخل ہونے کی اجازت ہوگی، ایف سکس میں سپر مارکیٹ سے آگے داخلہ ممنوع قرار دے دیا گیا۔ ریڈ زون داخلہ پوائنٹس پر پاک فوج، رینجرز، ایف سی، پنجاب اور وفاقی پولیس کے اہلکاروں کی تعیناتیاں کر دی گئی ہیں۔

بقیہ 7 کوششاں

ہیں اور انہوں نے دونوں ممالک کی قیادت کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے اسلام آباد میں مذاکرات کے لیے آنے کی دعوت قبول کی اور عارضی سیز فائر کیا۔ وزیراعظم کی کوششیں رنگ لے آئی ہیں اور یہ مذاکرات کا سارا سٹیج تیار ہو چکا ہے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کہتے ہیں مذاکرات کا نتیجہ 24 گھنٹوں میں آ جائے گا۔ ساتھ ہی وزیراعظم شہباز شریف نے قوم سے اپنے خطاب میں ڈیزل کی قیمتوں میں بڑی کمی کا اعلان کیا ہے۔ ڈیزل کی قیمت 520 روپے سے کم ہو 386 روپے مقرر کر دی گئی ہے۔ اسی طرح پیٹرول کی قیمت میں 12 روپے کمی کر کے پیٹرول 378 سے 366 روپے کر دیا گیا ہے۔ میری رائے میں پیٹرول کی قیمتوں میں کمی کی گئی ہے پیٹرول کی قیمتوں میں 30 سے 50 روپے کمی کی جانی چاہیے تھی اور ڈیزل کی قیمت میں بھی مزید کمی ہوسکتی تھی لیکن وزیراعظم کی طرف سے اتنا اعلان بھی خوش آئند ہے کیونکہ ابھی مذاکرات شروع ہوئے ہیں اور جب مذاکرات کامیاب ہو جائیں گے اسلام آباد معاہدہ طے پا جائے گا تو پھر اس بات کی امید ہے کہ عالمی سطح پر تیل کی قیمتیں مزید تیزی سے نیچے گریں گی اور پھر پاکستانی عوام کے لیے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں دوبارہ کمی کی جائے گی۔ وزیراعظم نے خود اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ وزارت خزانہ عوام کے ساتھ واردات کرنا چاہ رہی تھی اور شہباز شریف نے شبانہ روز محنت اور عوام کے اندر اپنا امیج جہاں سفارتی محاذ پر بہتر بنایا ہے وہاں معاشی محاذ پر بہتر بنانا چاہتے ہیں اور عوام میں اپنی مقبولیت حاصل کرنا چاہتے ہیں اسی لیے وزارت خزانہ کی تجویز کو مسترد کر کے ڈیزل اور پیٹرول کی قیمتوں میں کمی کی ہے حالانکہ وزارت خزانہ نے یہ تجویز دی تھی کہ 129 ارب روپے کا جو ریلیف دیا گیا تھا پہلے وہ ریکور کیا جائے اور عوام کی جیبوں پر مزید ڈاکہ ڈالا جائے لیکن شہباز شریف پر کمال ہے کہ انہوں نے عوام کی جیبوں پر مزید ڈاکہ ڈالنے کی اجازت نہیں دی اور وزارت خزانہ کی تجویز کو فوری طور پر مسترد کر کے پیٹرول کی قیمتوں میں کمی کی ہے ڈیزل کی قیمتوں میں جو کمی کی ہے اب ٹرانسپورٹرز کو چاہیے کہ کرائے فوری طور پر کم کریں اگر وہ کرائے کم نہیں کرتے تو انتظامیہ اپنا ڈنڈا چلائے اور کرائے کام کرائے اور ساتھ ہی گندم کے کسانوں کو جو مشکلات تھیں وہ بھی کسی حد تک اب کم ہوں گی۔ ادھر اسلام آباد امن مذاکرات کا آج ہفتے کے دن کو آغاز ہوگا۔ امریکہ اور ایران کی طرف سے مذاکرات کے لیے مثبت بیانات دیئے گئے ہیں۔ پاکستان کی حکومت نے مذاکرات کے لیے تمام تر تیاریاں مکمل کر لی ہیں اور پاکستان دنیا میں ایک پیس میکر کے طور پر ابھر کر سامنے آیا ہے۔ پاکستانی قیادت نے جو سفارت کاری کی اسے پوری دنیا نے تسلیم کر لیا ہے کہ پاکستان کی قیادت کتنے دانشمندانہ فیصلے کرتی ہے، کتنی مثبت سوچ رکھتی ہے کہ دنیا میں امن رہے، امن قائم ہو سوائے اسرائیل اور بھارت کے، دنیا کے ہر ملک نے تقریباً پاکستان کی قیادت سے فون پر رابطہ کر کے جنگ بندی کرانے اور مذاکرات کا عمل شروع کرانے پر مبارکباد دی۔ پاکستان کی عالمی پذیرائی پر بھارتی میڈیا کی چیخیں دنیا بھر میں سنائی دے رہی ہیں۔ بھارتی اینکر اور بھارتی تجزیہ نگار جان لیں شہباز شریف کی اور عاصم منیر کی بلند پرواز انشاء اللہ جاری رہے گی۔ مذاکرات کیلئے تمام انتظامات مکمل ہیں۔ جہاں تک سکیورٹی کی بات کی جائے تو اسلام آباد میں سخت ترین سکیورٹی کے انتظامات کیے گئے ہیں۔ ریڈ زون ہو یا دیگر علاقے ہوں۔ وہاں پر بڑی تعداد میں سکیورٹی اہلکار تعینات ہیں اور ان سارے معاملات کی براہ راست نگرانی وزیراعظم شہباز شریف کر رہے ہیں۔ ایران کے نائب صدر ہوں یا امریکہ کے نائب صدر دونوں اطراف سے بڑے مثبت بیانات آئے ہیں اور یہ کہا جا رہا ہے کہ اچھی سوچ کے ساتھ اسلام آباد کے مذاکرات میں ہم شرکت کر رہے ہیں۔ 15 نکات ہوں یا 10 تجاویز ہوں پاکستان کی سوچ اور پاکستانی قیادت کی یہ کوشش ہے کہ خطے میں مستقل امن کے لیے ایک ایسا معاہدہ طے پا جائے جو طویل المدت ہو اور خطے کے تمام مسائل حل ہوں۔ ایران بھی ترقی کرے، پاکستان بھی ترقی کرے، خطہ بھی ترقی کرے اور دنیا میں امن قائم ہو۔ جو تجاویز میڈیا میں سامنے آئی

ہیں ان پر بات ہوگی آمنے سامنے بیٹھ کر مسائل حل ہوں گے، آبنائے ہرمز کا معاملہ ہو یا ایرانی ایٹمی پروگرام کا معاملہ ہو ان پر بھی بات ہوگی۔ اسرائیلی جارحیت پر بھی بات ہوگی۔ امریکہ کے تحفظات پر بھی بات ہوگی اور جو ایران کے تحفظات ہیں کہ مستقبل میں ایران پر دوبارہ کسی قسم کی جارحیت یا حملہ کرنے کی ضمانت دی جائے اس پر بھی بات ہوگی اور جو ایران میں حالیہ نقصانات ہوئے ہیں اس کا معاوضہ دیا جائے، ایران پر اقتصادی پابندیاں ختم ہونی چاہیے اور یہ اقتصادی پابندیاں اگر ختم ہو جاتی ہیں تو اس کا نہ صرف پوری دنیا کو فائدہ ہوگا بلکہ پاکستان کو بھی بہت فائدہ ہوگا۔ اس تناظر میں دیکھا جائے تو سعودی عرب کے وزیر خزانہ پاکستان کے اہم دورے پر پہنچے ہیں اور ان کا یہ دورہ کئی حوالوں سے اہمیت کا حامل ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی شعبے میں تعاون کو فروغ اور پاکستان کے زر مبادلہ کے ذخائر میں سعودی عرب کی مزید مدد کے معاملے پر بھی بات چیت یقیناً ہوگی۔ امریکہ کے نائب صدر جے ڈی وینس پاکستان کے دورے پر روانہ ہو چکے ہیں اور وہ جو بائیڈن کے بعد تیسرے نائب صدر ہیں جو پاکستان کے دورے پر آرہے ہیں۔ جو بائیڈن نے 2 مرتبہ بطور نائب صدر پاکستان کا دورہ کیا تھا اور اس کے بعد یہ پہلا موقع ہے کہ کوئی امریکی نائب صدر پاکستان کے دورے پر آرہا ہے۔ آخری دفعہ امریکی صدر نے 2006 میں پاکستان کا دورہ کیا تھا اور اس کے بعد سے ہیلری کلنٹن بطور وزیر خارجہ پیپلز پارٹی کے دور حکومت میں پاکستان کے دورے پر آئی تھیں اور امریکی دیگر وفود وقتاً فوقتاً آتے رہے ہیں لیکن یہ ایک ایسا موقع ہے کہ پاکستان ایک سپر پاور کی صلح کرا رہا ہے، مفاہمت کرا رہا ہے، جنگ بندی کرا رہا ہے۔ ایک وہ وقت تھا 1970 کی دہائی میں جب امریکہ اور چین کے درمیان بہت سے معاملات خراب تھے اور سفارتی تعلقات نہیں قائم ہو رہے تھے۔ اس میں بھی پاکستان نے پل کا کردار ادا کیا تھا اور امریکی وزیر خارجہ ہنری کسنجر پاکستان کے دورے پر آئے پھر وہ پاکستان کے بعد چین گئے۔ جہاں چین کے اس وقت کے صدر چو این لائی سے ان کی ملاقات ہوئی۔ پاکستان نے ماضی میں بھی اس طرح کے کردار ادا کیے ہیں لیکن یہ ایک ایسا کردار پاکستان ادا کر رہا ہے جس میں سفارتی سطح پہ پاکستان کی کوششیں کامیاب ہوئی ہیں اور ایران اور امریکہ کو ایک میز پر بٹھایا گیا ہے۔ اس سارے معاملے میں اب دیکھنے ہیں کہ مذاکرات کے ایک دور میں معاملات طے ہوتے ہیں یا دوسرے تیسرے دور میں طے ہوتے ہیں لیکن پاکستان کی یہ کوشش ہے کہ سارے معاملات پاکستان کے اندر بیٹھ کر طے ہوں اور اسلام آباد معاہدہ پر فریقین دستخط کرنے کے بعد اپنے اپنے ملک جائیں اور جن چیزوں پر مفاہمت یا معاہدے پر دستخط کیے جائیں اور جو چیزیں طے ہو جائیں ان پر پھر دونوں فریقین اور دونوں ممالک عمل درآمد کرنے کے بھی پابند ہوں۔ جہاں تک لبنان میں جنگ بندی کا معاملہ ہے اس میں پاکستان نے ایک مرتبہ پھر اپنا فعال کردار ادا کیا ہے۔ اسرائیل اور لبنان کی حکومت کی طرف سے یہ اعلان کیا جا چکا ہے کہ آئندہ ہفتے واشنگٹن میں مذاکرات ہوں گے اور مستقل جنگ بندی ہو جائے گی جبکہ امریکہ کی طرف سے بھی یہ بیان آیا ہے کہ اسرائیل لبنان پر حملوں میں کمی لے آئے اور ایسے موقع پہ اسرائیل کی طرف سے لبنان پر جو حملے کیے گئے اس سے مذاکرات کا ماحول وقتی طور پر خراب ہوا تھا لیکن پاکستانی وزیراعظم شہباز شریف کی بروقت کوششوں کے نتیجے میں صورتحال میں بہتری ہوئی ہے۔ اب واشنگٹن میں مذاکرات ہونے ہیں اور اس کے بعد یہ لبنان کے اندر بھی مستقل جنگ بندی ہو جائے گی۔

بقیہ 8 سہولت

شرکاء کے لیے خصوصی ویزا سہولت کا اعلان کیا ہے جس کے تحت تمام متعلقہ ایئرلائنز کو شرکاء کو بغیر ویزا بورڈنگ کی اجازت دینے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اسلام آباد ٹاکس کے لیے آنے والے افراد کو آمد پر ویزا جاری کیا جائے گا۔ اس حوالے سے متعلقہ ایئر پورٹس پر سہولت ڈیسک قائم کر دی گئی ہے جس پر شرکاء کو فوری معاونت فراہم کی جائے گی۔ وزارت داخلہ نے وزارت خارجہ، وزارت دفاع اور ایئرلائنز کو باضابطہ مراسلہ جاری کر کے حکام کو ہدایت کی ہے کہ اسلام آباد مذاکرات کے شرکاء کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے۔

بقیہ 9 دفتر خارجہ

کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان نے صرف اسلام آباد ٹاکس میں شریک ممالک کیلئے یہ سہولت دی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بیان میں کہا کہ پاکستان نے صرف اسلام آباد ٹاکس میں شریک ممالک کیلئے یہ سہولت دی ہے، ایران، امریکا کے وفود، صحافیوں کیلئے ویزا فری سفری سہولت فراہم کی گئی ہے یہ سہولت ان صحافیوں کیلئے بھی ہے صرف مذاکرات کی مدت تک محدود ہوگی، اس سہولت کا اطلاق تیسرے ممالک کے شہریوں پر نہیں ہوگا۔

بقیہ 10 سائرن بج اٹھے

سائرن بج اٹھے، جس نے خطے میں قائم کمزور جنگ بندی کو سبوتاژ کرنے کا نیا خطرہ پیدا کر دیا ہے۔ عرب ٹی وی نے تل ابیب کی فضاؤں میں دھماکوں کی آوازیں سنی جانے کی اطلاع دی، تل ابیب اور اشدود سمیت جنوبی اسرائیل کے شہروں کی جانب راکٹوں کی نشاندہی کے بعد سائرن فعال کر دیے گئے۔ اسرائیلی فوج کی ہوم فرنٹ کمانڈ نے جمعہ کی صبح راکٹوں کی لہر کے بعد لبنانی سرحد سے دور واقع علاقوں سمیت متعدد مقامات کے لیے انتباہ جاری کیا۔ فوری طور پر کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی، تاہم اسرائیلی میڈیا نے بتایا کہ فضائی دفاعی نظام نے کم از کم ایک راکٹ کو فضا میں ہی تباہ کر دیا۔

بقیہ 11 سائبر کرائم یونٹ

پنجاب سائبر کرائم یونٹ کے قیام کی منظوری دے دی۔ بلیک میلنگ اور ہراسمنٹ کا شکار بچیوں اور بچوں کو شکایت کیلئے کسی تھانے یا دفتر میں نہیں جانا پڑے گا۔ شکایت کے اندراج کیلئے موبائل یونٹ قائم کیا جائے گا۔ سوشل میڈیا پہ ہراسمنٹ کا شکار بچے بالخصوص خواتین ورچوئل پولیس اسٹیشن پر بھی شکایت درج کرا سکیں گی، شکایت کنندہ کی شناخت مکمل طور پر پوشیدہ رکھی جائے گی۔ سائبر کرائم یونٹ فرنٹ ڈیسک اور "پی کے ایم" ایپ پر بھی شکایت درج کی جا سکے گی۔ اجلاس کے دوران سوشل میڈیا بلیک میلنگ اور ہراسمنٹ کا ارتکاب کرنے والے مجرموں کو قرار واقعی سزا دینے کے لیے قانون سازی کا فیصلہ کیا گیا، جس کے تحت پنجاب آن لائن سیفٹی ایکٹ 2026 کے ابتدائی مسودے پر کام شروع کر دیا گیا ہے، ایکٹ جلد پیش کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں سائبر کرائم کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ پنجاب پولیس سائبر پیٹرول ونگ اور سائبر پولیس اکیڈمی بھی قائم کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سائبر کریمنل کی سرکوبی کے لئے پروا ایکٹو اپروچ اپنانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ سوشل میڈیا مانیٹرنگ اور سرویلنس کے لئے انٹیلی جنس سسٹم بھی قائم کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سائبر کرائم سے متعلق ڈیٹا کی حفاظت

DAILY MUMTAZ

روزنامہ ممتاز

ہفتہ، 11 اپریل، 2026، 22 شوال المکرم، 1447ھ

ایڈیٹوریل

اگر تم مومن ہو تو اپنے اقوال کے ساتھ انصاف کرو (القرآن)

فون نمبر: 051-8437994-3

ای میل: editorialmumtaz@gmail.com

امن مذاکرات، امیدیں اور خدشات

پاکستانی وزیراعظم اور چیف آف ڈیفنس فورسز کی ان تھک محنت سے ایران اور امریکہ کے درمیان فوری جنگ بندی تو ہوگئی اور اب دونوں ملکوں کے اعلیٰ سطحی وفود جمعہ کی شام تک اسلام آباد پہنچ رہے ہیں جہاں سخت سکیورٹی انتظامات ہو رہے ہیں۔ اس موقع پر امن کی مخالف قوتوں کی جانب سے کسی اندیشے اور شرارت کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا اس لیے پاکستان کو چوکنا رہنے کی ضرورت ہو گی۔ جنگ بندی کا فیصلہ امریکی صدر ٹرمپ کی فوری ضرورت تھا مگر اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی خواہش کے خلاف تھا۔ البتہ ٹرمپ کو اپنی سیاسی ساکھ اور ضرورتوں کا خیال رکھنا تھا۔ دلدل میں پھنسی گردن کو نکالنے کے لیے منگل کی رات شہباز شریف کا ایکس پر ایک پیغام اہم مگر ضروری راستہ ثابت ہوا۔ سفارتی معاملات میں جب کوئی سربراہ حکومت براہ راست سوشل میڈیا پر کوئی تجویز پیش کرتا ہے تو اس کے پیچھے سخت محنت اور کسی حد تک پیشگی حاصل کی گئی ضمانتیں شامل ہوتی ہیں۔ صدر ٹرمپ کو ضرور اس معاملہ میں استثنا حاصل ہے کہ وہ جب چاہیں جو چاہیں اپنے ہی ٹروتھ سوشل پر بیان کرکے کہیں آگ اور کہیں تباہی کا پیغام دے دیں۔ البتہ بیشتر سیاسی لیڈر اور حکومتیں اس بارے میں محتاط رویہ اختیار کرتی ہیں اور پھونک پھونک کر قدم رکھا جاتا ہے۔ ایران پر امریکی حملہ شاید حالیہ تاریخ کا سنگین ترین واقعہ تھا جس کا نہ تو کوئی جواز تھا اور نہ ہی اس کے واضح اہداف تھے۔ اب عالمی میڈیا اس بات پر متفق دکھائی دیتا ہے کہ نیتن یاہو نے اپنی انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر ٹرمپ کو قائل کیا کہ حملے کے پہلے چند گھنٹوں میں اگر ایران کی اعلیٰ قیادت ہلاک کردی جائے تو تہران میں اپنی مرضی کی حکومت لائی جاسکتی ہے۔ اس سے اسرائیل کو ایک اہم ملک پر براہ راست دسترس حاصل ہوجاتی اور امریکہ کے لیے ایران کے تیل پر قبضہ کرنے کا ایسا خواب پورا ہوجاتا جس کے لیے 1953 سے سازشیں کی جاتی رہی تھیں۔ جنوری میں وینزویلا کے صدر نکولس مودورو کو اغوا اور وہاں من پسند حکومت قائم کرکے دنیا میں تیل کے سب سے بڑے معلوم ذرائع پر امریکی حکومت قابض ہوچکی تھی۔ ایرانی تیل کے کنٹرول کا خواب دیکھتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ کی آنکھیں ضرور چمکنے لگی ہوں گی۔ اسی لیے نیتن یاہو کے لیے انہیں اس جنگ جوئی پر آمادہ کرنا مشکل نہیں تھا۔ اندازوں اور منصوبہ کے مطابق پہلے ہی روز ایران کے رہبر اعلیٰ سمیت اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت کو ختم کردیا گیا۔ البتہ اس کے نتائج حسب توقع نہیں تھے۔ تہران میں حکومت تبدیل نہیں ہوسکی اور شدید بمباری کے باوجود ایرانی قیادت نے ہتھیار پھینکنے سے صاف انکار کردیا۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ ٹرمپ ایرانی تہذیب نیست و نابود کرنے اور بجلی گھروں و پلوں کو تباہ کردینے کی دھمکیوں پر اتر آئے۔ ایسا کوئی بھی قدم مسلمہ بین الاقوامی اصولوں کی خلاف ورزی ہوتا لیکن ٹرمپ طاقت کے نشے میں کسی اصول یا ضابطے کو نہیں مانتے۔ سوشل میڈیا پر بلند بانگ الفاظ کے ساتھ مسلسل لمبی لمبی ہانکنے کی عادت نے انہیں ایک ایسی بند گلی میں داخل کردیا جس سے نکلنے کا راستہ موجود نہیں تھا۔ پاکستان کی ہوشمندانہ سفارت کاری اور شہباز شریف کے جنگ بندی کے لیے بروقت پیغام نے اس مشکل سے نکلنے کا راستہ فراہم کیا جسے واشنگٹن اور تہران نے غنیمت جانا۔ یہ بحث بے معنی ہے کہ جنگ بندی والے پیغام سے پہلے پاکستانی لیڈر واشنگٹن اور تہران میں کس کس سے رابطے میں تھے اور کب اور کیسے ایکس پر پیغام لکھنے کا فیصلہ ہوا۔ یہ واضح ہے کہ اگر حکومت پاکستان نے ٹرمپ انتظامیہ اور ایرانی حکومت سے پیشگی اتفاق رائے حاصل نہ کیا ہوتا تو شہباز شریف یہ پیغام بھی جاری نہ کرسکتے۔ سفارت کاری کا یہ پہلو کسی سے پوشیدہ نہیں ہے اور اس میں کوئی قباحت بھی نہیں ہونی چاہیے۔ ایسے رابطے کسی ثالث ملک کی کمزوری کی بجائے اس کی اہمیت اور سفارتی طاقت کو واضح کرتے ہیں۔

گزشتہ چند ہفتوں کے دوران پاکستان ایک ایسے ملک کے طور پر سامنے آیا تھا جس پر واشنگٹن اور تہران کے علاوہ ریاض اور بیجنگ بھی اعتبار کرتے تھے۔ ان کوششوں میں پاکستان کو ترکیہ، مصر، عمان اور قطر کی مکمل اعانت و حمایت حاصل تھی۔ یورپی ممالک امریکہ کے ساتھ قریبی تعلق کے باوجود اس ہولناک جنگ کو رکوانے میں کردار ادا نہیں کرسکے۔ اسی لیے اب پوری دنیا اپنے اپنے انداز میں پاکستانی سفارت کاری کی توصیف کررہی ہے۔ فرانس سمیت یورپی حکمران شہباز شریف کو مبارک باد کے پیغامات بھیج رہے ہیں اور اسرائیل کی طرف سے اس جنگ بندی کو ناکام بنانے کی کوششوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ اسرائیل کے لیے جنگ بندی ناقابل قبول تھی۔ وہ ایران پر مزید تباہی مسلط کرنا چاہتا تھا تاہم اس راستے پر چلتے ہوئے صدر ٹرمپ کو اپنی سیاست کو اندیشے لاحق ہونے لگے تھے۔ عالمی معیشت پر مرتب ہونے والے اثرات کی وجہ سے امریکہ کا عالمی امیج تباہ ہورہا تھا۔ ٹرمپ کے لیے جنگ بندی بے حد اہم تھی۔ شاید اسی لیے جنگ بندی پر اتفاق رائے سے پہلے صدر ٹرمپ کسی دیوانے کی طرح خوفناک بیانات دینے لگے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ شاید اس طرح ایرانی لیڈروں کو خوفزدہ کیا جاسکے۔ تہران کے حکمران تو متاثر نہیں ہوئے البتہ دنیا بھر میں منگل کی رات مسلط ہونے والی ممکنہ تباہی کے تصور سے شدید پریشانی اور خوف کا سماں تھا۔ اس خوف میں شہباز شریف اور حکومت پاکستان نے امید کی کرن روشن کی ہے۔ اسی پر انہیں دنیا سے داد بھی مل رہی ہے۔ جنگ بندی کا اعلان ہوتے ہی اسرائیل نے لبنان میں شدید حملے کرتے ہوئے چند گھنٹوں میں دوسو سے زائد لوگوں کو ہلاک کیا۔ یہ تل ابیب کی طرف سے ایران کو مشتعل کرنے اور مذاکرات سے منکر ہوکر جنگ بندی کی خلاف ورزی پر اکسانے کی کوشش تھی۔ شہباز شریف جنگ بندی سے متعلق اپنے پیغام میں بتا چکے تھے کہ سیز فائر ایران سمیت علاقے کے تمام ممالک پر لاگو ہوگی۔ ان میں لبنان بھی شامل تھا۔ البتہ اسرائیل کی منہ زوری کا مان رکھنے کے لیے امریکی حکومت کے نمائندوں نے یہ کہنے کی کوشش کی کہ لبنان پر جنگ بندی کا اطلاق نہیں ہوتا۔ ایرانی لیڈروں نے عقلمندی سے کام لیتے ہوئے نہ مذاکرات میں شامل ہونے سے انکار کیا اور نہ ہی جنگ بندی کی خلاف ورزی کی لیکن دوٹوک الفاظ میں واضح کردیا کہ یہ جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی ہے جسے برداشت نہیں کیا جائے گا۔ دنیا کے سب ممالک نے اس اسرائیلی ہتھکنڈے کو مسترد کیا اور اسے امن معاہدے کے خلاف سازش کہا گیا۔ اسی عالمی دباؤ کا نتیجہ ہے کہ اب نیتن یاہو لبنان سے جنگ بندی کا معاہدہ کرنے کی بات کررہا ہے۔ ٹرمپ انتظامیہ نے یقیناً واضح کیا ہوگا کہ وہ ایران کے ساتھ امن معاہدے میں سنجیدہ ہے، اسرائیل اسے خراب کرنے کی کوشش نہ کرے۔ اسے دنیا کی خوش قسمتی سمجھنا چاہیے کہ امن کی کوششوں کو تارپیڈو کرنے کی یہ اسرائیلی کوشش فی الوقت ناکام ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔ البتہ اسلام آباد میں ہفتے کو شروع ہونے والے مذاکرات بھی آسان نہیں ہوں گے۔ تہران کو اپنے ہاں انتہا پسند عناصر کے دباؤ سے نکل کر مناسب شرائط پر مستقل امن پر آمادہ ہونا چاہیے۔ اسی کے ساتھ امریکہ کو بھی جوہری ہتھیاروں کے بارے میں ضمانتیں حاصل ہونے کے بعد ایران پر معاشی پابندیاں اٹھانے پر اتفاق کرنا چاہیے۔ تاہم امریکی حکومت میں بھی شدت پسند عناصر کی کمی نہیں ہے جو مذاکرات کو ناکام بنانے کی کوشش کرسکتے ہیں۔ اسلام آباد میں ایک دوسرے سے براہ راست بات چیت کرنے والے امریکی و ایرانی وفود کو تعصبات اور ماضی کی غلط فہمیوں کو پس پشت ڈال کر کھلے دل سے ایک دوسرے کے احترام پر مبنی رویہ اختیار کرنا چاہیے۔ اسی طرح امن کے لیے کوئی معاہدہ ممکن ہوسکتا ہے۔ یہ کام بے حد مشکل ضرور ہے لیکن پانچ ہفتے کی جنگ نے امریکہ اور ایران پر واضح کردیا ہے کہ اس کے سوا ان کے پاس اس مشکل سے نکلنے کا کوئی راستہ بھی نہیں ہے۔ اسرائیل اس تنازعہ میں بنیادی کردار کی حیثیت رکھتا ہے۔ پاکستان سمیت دیگر اسلامی ممالک کو اب اسرائیل کے بارے میں اپنا طرز عمل تبدیل کرنا چاہیے۔ اسرائیل کو تسلیم نہ کرنے سے نہ تو یہ ریاست ختم ہوگی اور نہ ہی اس کا اثر و رسوخ ختم ہوگا۔ اس کے ساتھ دشمنی کا رشتہ استوار رکھنے سے مسلسل یہ اندیشہ رہے گا کہ وہ کسی بھی وقت امن کی کوئی بھی کوشش ناکام بنا سکتا ہے۔ اس کے برعکس اگر پاکستان اور سعودی عرب کے اسرائیل کے ساتھ سفارتی تعلقات ہوں اور اس کے ساتھ مواصلت کا سلسلہ شروع ہوسکے تو اسرائیل کو سکیورٹی کی ضمانت مل سکتی ہے اور مسلمان ممالک فلسطینیوں کے لیے کوئی رعایت حاصل کرسکتے ہیں۔ (بشکریہ، ہم سب)

اظہار خیال — سید مجاہد علی

علم کی عبادت پر فضیلت

ایمانیات

پاکستان سفارت کاری کے محاذ پر

مکالمہ — سلمان عابد

کامیاب ڈپلومیسی: کیا کھویا کیا پایا؟

انسانوں کے نام — افضال ریحان

فرمانِ قائد — ایمان، اتحاد، تنظیم



کلامِ اقبال — یقین محکم عمل

اللہ جسے چاہے عزت دے۔۔۔۔!

سلسلۂ روز و شب — ساجد حسین ملک

sajidmalik1945@gmail.com

اسلام آباد مذاکرات میں رخنہ ڈالنے کی اسرائیلی سازشیں

برملا — نصرت جاوید

شادی سے قبل وزن میں کمی کا بڑھتا ہوا خطرناک رجحان

صدا بصحرا — رفیع صحرائی

چراغ جو آندھیوں میں بھی جلتا رہا



مہمان کالم — محمد محسن اقبال

گندم

(اکبر الٰہ آبادی)

اک روز بھی تارک تگ و دو سے نہ ہوئے

فارغ از بحثِ گندم و جو سے نہ ہوئے

جمعیتِ دل کبھی حریصوں کو نصیب

ننانوے ہی رہے کبھی سو نہ ہوئے

(ادارے کا کالم نگاروں کی آراء سے متفق ہونا ضروری نہیں)

editorialmumtaz@gmail.com

پاک بحریہ کی جانب سے تجارتی بحری جہاز سے ہنگامی سگنل کے بعد ریسکیو آپریشن کیا جارہا ہے

اسرائیل مخالفت، نیتن یاہو نے ہسپانوی نمائندوں کو سول ملٹری رابطہ مرکز سے نکال دیا

یروشلم (فارن ڈیسک) اسرائیل کے خلاف کھڑے ہونے پر وزیراعظم نیتن یاہو نے اسپین کے نمائندوں کو سول ملٹری کوآرڈینیشن سینٹر سے نکال دیا۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق ہسپانوی نمائندوں کو کریات گاٹ میں امریکی سول ملٹری کوآرڈینیشن سینٹر سے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 20)

مضبوط جمہوریت کیلئے آئین پر عمل ناگزیر، صدر، وزیراعظم

1973 کا آئین قومی وحدت کی علامت، عوام، ریاست مابین مقدس معاہدہ

آئین رہنما دستاویز، بلاول بھٹو، عوامی حقوق کا ضامن، یوم دستور پر پیغامات

اسلام آباد، لاہور، کراچی (وقائع نگار، نیوز ایجنسیاں) ملک میں گذشتہ روز یوم دستور منایا گیا، 10 اپریل 1973 کے آئین کو حتمی شکل دی گئی تھی، یہ آئین 14 اگست 1973 کو نافذ کیا گیا تھا، یوم دستور کے موقع پر صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے پیغامات میں کہا ہے کہ 1973 کا آئین قومی وحدت کی علامت ہے اور یہی آئین ریاست کا بنیادی قانونی و سیاسی فریم ورک فراہم کرتا ہے، صدر زرداری نے اپنے پیغام میں کہا کہ تمام (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 30)

کوہاٹ، مکان کی چھت گرنے سے 2 خواتین جاں بحق دو بچیاں شدید زخمی

پشاور (این این آئی) صوبہ خیبر پختونخوا میں کوہاٹ کے شکردرہ غرہ کلے میں خالد مرحوم نامی شخص کی مکان کی چھت اچانک گرنے سے دو خواتین جاں بحق ہوگئیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق واقعے کے نتیجے میں دو بچیاں بھی شدید زخمی ہوئیں۔

اسلام آباد، امریکہ ایران مذاکرات کے حوالے سے ریڈ زون میں پاک فوج سکیورٹی پر مامور ہے

پاک بحریہ کا آپریشن، آتشزدگی سے متاثرہ جہاز کے غیر ملکی عملے کو بچا لیا

پی این ایس حنین نے انتہائی پیشہ ورانہ مہارت اور تجربے کا مظاہرہ کرتے ہوئے سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن انجام دیا، آئی ایس پی آر

وزیراعظم اور وزیر داخلہ کا پاک بحریہ کو خراجِ تحسین پیش، افسران اور جوانوں کی انسان دوستی کے جذبے کو سراہا

اسلام آباد (وقائع نگار) پاک بحریہ نے شمالی بحیرہ عرب میں کامیاب سرچ آپریشن کرتے ہوئے آتشزدگی سے متاثرہ جہاز کے 18 افراد پر مشتمل غیر ملکی عملے کو بچا لیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاک بحریہ نے شمالی بحیرہ عرب میں کامیاب سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن کیا۔ تجارتی بحری جہاز ایم وی گولڈ آٹم سے ہنگامی سگنل موصول ہوئے تھے جس کے بعد 18 افراد پر مشتمل عملے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 21)

معاہدہ نہ ہوا تو اسرائیل کو کشیدگی کا موقع ملے گا، قطر

مستقل امن معاہدہ کیا جائے جو کسی عارضی مدت تک محدود نہ ہو

وقتی مدت کے معاہدے توسیع کے مراحل میں ہی رہ جاتے ہیں، وزیر خارجہ

دوحہ (ممتاز نیوز) سابق وزیراعظم اور وزیر خارجہ قطر حمد بن جابر نے کہا ہے کہ آئندہ دو ہفتوں میں فریقین کسی معاہدے پر نہ پہنچے تو اسرائیل کو دوبارہ خطے میں کشیدگی کا موقع ملے گا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پیغام میں کہا کہ اب جب امریکہ اور ایران کے درمیان دو ہفتوں کے لیے جنگ بندی کا معاہدہ ہوگیا ہے، جس کے بعد اسلام آباد میں دونوں فریقوں کے درمیان مذاکرات ہوں گے، تو امید تھی کہ سب لوگ بہترین حل کی طرف بڑھیں گے، یعنی ایک (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 29)

ایران حملے: سعودی انرجی منصوبوں کو نقصان، عالمی تیل سپلائی متاثر ہونے کا خدشہ

ایک پمپنگ سٹیشن پر 7 لاکھ بیرل یومیہ ترسیل متاثر، تیل و گیس کی پیداوار اور ترسیل میں نمایاں کمی

اگر حملے جاری رہے تو عالمی تیل کی سپلائی مزید متاثر ہوگی، سعودی سرکاری نیوز ایجنسی کی رپورٹ

ریاض (ممتاز نیوز) ایران کے حالیہ حملوں کے باعث سعودی عرب میں کئی توانائی منصوبے متاثر ہوئے، سعودی سرکاری نیوز ایجنسی نے بتایا کہ حملوں سے تیل اور گیس کی پیداوار اور ترسیل میں نمایاں کمی آئی ہے۔ سعودی نیوز ایجنسی کے مطابق ایک تیل پمپنگ سٹیشن پر حملے سے 7 لاکھ بیرل یومیہ ترسیل متاثر ہوئی، منیفہ اور خریص آئل فیلڈز پر حملوں سے پیداوار یومیہ 3 لاکھ بیرل کم ہوئی، سعودی عرب کی تیل (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 31)

پنجاب، گریڈ 16 تک کی خالی آسامیاں ختم کرنیکا فیصلہ

انتظامی اصلاحات اور اخراجات میں کمی کیلئے تمام محکموں سے مکمل ریکارڈ طلب

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صوبے کے مختلف سرکاری محکموں میں عرصہ دراز سے خالی پڑی گریڈ 1 سے 16 تک کی آسامیوں کو ختم کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے، اس حوالے سے تمام متعلقہ محکموں سے خالی آسامیوں کا مکمل ریکارڈ طلب کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے یہ اقدام انتظامی اصلاحات اور سرکاری اخراجات میں کمی کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 23)

جنوبی کوریائی صدر نے اسرائیلی جارحیت کی ویڈیو شیئر کردی

پیانگ یانگ (این این آئی) جنوبی کوریا کے صدر لی جے میونگ نے اسرائیلی جارحیت پر مبنی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 22)

لاہور، صدر مسلم لیگ ن میاں نواز شریف سے گورنر سندھ نہال ہاشمی ملاقات کر رہے ہیں

نواز شریف، مریم سے گورنر سندھ نہال ہاشمی کی ملاقات

ایران امریکہ جنگ بندی میں پاکستان کے کردار پر مبارکباد پیش

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے گورنر سندھ نہال ہاشمی نے ملاقات کی، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اور عمومی ملکی صورتحال پر گفتگو ہوئی۔ گورنر سندھ نہال ہاشمی نے ایران امریکہ جنگ بندی میں پاکستان کے کردار اور بے مثال کامیابی پر مبارکباد (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 33)

سعودی ایئرلائنز کی امارات عمان کیلئے پروازیں بحال

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے ایئر لائنز گروپ 11 اپریل سے دبئی، ابوظبی اور عمان کے لیے اپنی جزوی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 32)


امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان عوامی کمیٹیز کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

سیشن عدالت مقدمہ اندراج کا حکم نہیں دے سکتی، ہائیکورٹ

جعلی دستاویزات بنانے پر اینٹی کرپشن کو مقدمہ درج کرنیکا ٹرائل کورٹ فیصلہ کالعدم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے جسٹس آف پیس کا دوبارہ انکوائری اور براہ راست مقدمہ درج کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ جسٹس عبہر گل خان نے خاتون آصفہ بی بی کی درخواست پر 8 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے کہا کہ اینٹی کرپشن کے متعلقہ کیسز میں سیشن عدالتوں کو براہ راست مقدمات درج کرنے کا حکم دینے کا اختیار نہیں ہے۔ عدالت نے طلاق کے جعلی دستاویزات بنانے کے الزام میں اینٹی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 34)

گورنر پنجاب، اسٹامپ ڈیوٹی ترمیمی آرڈیننس پر دستخط

شہری و دیہی علاقوں میں 1 فیصد یکساں ڈیوٹی مقرر، خریداروں کو بڑی سہولت

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے اسٹامپ ڈیوٹی ترمیمی آرڈیننس 2026ء پر دستخط کر دیے۔ آرڈیننس کے جاری ہونے سے دیہی علاقوں میں جائیداد کی خرید و فروخت کرنے والوں کے لئے بڑی سہولت پیدا ہو گئی ہے، شہری و دیہی علاقوں میں اسٹامپ ڈیوٹی کی شرح یکساں کر کے 01 فیصد مقرر کر دی گئی ہے۔ اس سے پہلے شہری علاقوں میں 1 فیصد جبکہ دیہی علاقوں میں 3 فیصد اسٹامپ ڈیوٹی وصول کی جا رہی تھی۔

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر اسٹامپ ڈیوٹی ترمیمی آرڈیننس 2026ء پر دستخط کر رہے ہیں

لبنان پر اسرائیلی حملوں کے بچوں پر خوفناک اثرات 600 سے زائد شہید و زخمی

نیو یارک (این این آئی) بچوں کی فلاح کے عالمی ادارے یونیسیف نے خبردار کیا ہے کہ لبنان پر اسرائیلی حملے بچوں پر خوفناک اثرات مرتب کر رہے ہیں، شہید اور زخمی ہونے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 27)

اسرائیل میں 6 ہفتے کمانڈ سنٹر میں 2 کتوں کیساتھ گزارے، امریکی سفیر

تل ابیب/ واشنگٹن (این این آئی) اسرائیل میں تعینات امریکی سفیر مائیک ہکابی نے بتایا ہے کہ ایران اسرائیل جنگ کے دوران 6 ہفتے کمانڈ سنٹر میں 2 کتوں کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 28)

امارات کو قرض واپسی، صنعتکار 2 ارب ڈالر سٹیٹ بینک میں جمع کرانے پر تیار

ہم حکومت کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، کوئی مسئلہ نہیں آنے دیں گے، چیئرمین اپٹما کامران ارشد

امن مذاکرات کے بعد وزیراعظم سے ملکر مسئلے کا حل نکال لیں گے، ہمیشہ ''پاکستان فرسٹ'' کے عہد کو نبھایا، بیان

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) کے صنعت کاروں نے 2 ارب ڈالر کا فنڈ اسٹیٹ بینک میں جمع کروانے پر غور کردیا۔ اپٹما نے متحدہ عرب امارات کی رقم کی واپسی کے بعد حکومت کو متبادل حل دے دیا۔ ایک بیان میں چیئرمین اپٹما کامران ارشد نے کہا کہ ہم حکومت کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، کوئی مسئلہ نہیں آنے دیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ امن مذاکرات کے بعد وزیراعظم سے مل کر اس مسئلے کا حل نکال لیں گے، سب سے پہلے پاکستان، اپٹما نے ہمیشہ اس عہد کو نبھایا ہے۔ پاکستان آئی ایم ایف کی تمام شرائط پوری کر چکا ہے، برآمدات (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 24)

میرپور خاص، میڈیکل کی طالبہ کی خودکشی، مقدمہ درج

ایف آئی آر میں کالج پرنسپل، اِنکی پروفیسر اہلیہ، ایک لیکچرر اور 2 طالبعلم نامزد

پی ایم ڈی سی نے ہراسانی کے الزامات پر متعلقہ میڈیکل کالج سے ریکارڈ طلب کرلیا

میرپور خاص، کراچی (این این آئی) میرپور خاص میں میڈیکل کالج کی طالبہ کی مبینہ خودکشی پر پولیس نے متوفیہ کے ماموں کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس کے مطابق مقدمے میں کالج کے پرنسپل، ان کی پروفیسر اہلیہ، ایک لیکچرر اور 2 طالب علموں کو نامزد کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر میں جنسی ہراسانی اور طالبہ کو خودکشی پر مجبور کرنے کی دفعات شامل کی گئی ہیں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 26)

رواں ہفتے 28 اشیاء مہنگی، ورلڈ بینک نے مزید گرانی کا عندیہ دیدیا

ڈیزل 54.71، پٹرول 17.86 فیصد اور ایل پی جی 8.61 فیصد مہنگی ہوئی، ادارہ شماریات کے اعداد و شمار

مالی سال 2026 میں پاکستان کی معاشی شرح نمو تین فیصد رہنے کا امکان ہے، رپورٹ

اسلام آباد، واشنگٹن (ممتاز نیوز) ملک میں رواں ہفتے 28 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔ وفاقی ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق حالیہ ہفتے مہنگائی میں 1.93 فیصد اضافہ ہوا ہے، پچھلے ہفتے 1.01 فیصد اضافہ ہوا تھا جبکہ حالیہ ہفتے سالانہ بنیاد پر بھی مہنگائی میں اضافے کی رفتار کی شرح بھی 9.12 فیصد سے بڑھ کر 12.15 فیصد ہوگئی ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق حالیہ ہفتے 28 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، حالیہ ہفتے 8 اشیاء سستی اور 15 کی قیمتیں مستحکم رہیں، ایک ہفتے میں ڈیزل 54.71 اور پیٹرول 17.86 فیصد (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 35)

کراچی، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سیف سٹی پراجیکٹ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایرانی کرپٹو معیشت کو ترقی کا نیا راستہ مل گیا، رپورٹ

ایران آبنائے ہرمز میں ٹینکروں سے فی بیرل 1 ڈالر فیس وصول کر رہا ہے

تہران چاہتا ہے یہ ادائیگیاں کرپٹو کرنسی میں کی جائیں، امریکی اخبار

واشنگٹن (ممتاز نیوز) امریکی اخبار نے کہا ہے کہ ایران آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تیل بردار جہازوں پر عائد ٹرانزٹ ٹول کرپٹو کرنسی میں وصول کرنا چاہتا ہے جس کا مقصد پابندیوں اور مالیاتی نگرانی سے بچنا ہے۔ امریکی اخبار کے مطابق ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تیل بردار جہازوں پر کرپٹو کرنسی میں ٹرانزٹ فیس عائد (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 25)

ترکیہ کے صدر کی ایرانی ہم منصب سے فون پر گفتگو

انتہائی اہم ہے مذاکراتی عمل کو نقصان پہنچانے والوں کو موقع نہ دیا جائے

اسلام آباد مذاکرات کو پائیدار امن کے لیے استعمال ہونا چاہیے، صدر اردوان

انقرہ (ممتاز نیوز) ترک صدر رجب طیب اردوان کا کہنا ہے کہ پاکستان میں ہونے والے امریکا ایران مذاکرات کو پائیدار امن کے لیے استعمال ہونا چاہیے۔ ترک صدارتی دفتر کے مطابق اردوان نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کو دیرپا امن کے حصول کے لیے انتہائی حد تک استعمال کیا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 36)

لاہور، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب ملاقات کر رہی ہیں

پاکستانی معیشت بحالی کی جانب گامزن، 2025 بہترین سال قرار

معاشی شرح نمو 2026 میں 3.5 فیصد تک رہے گی، 2027 میں 4.5 فیصد تک پہنچنے کا امکان

2026 میں نجی سرمایہ کاری میں اضافہ معاشی ترقی کو سہارا دیگا، ایشیائی ترقیاتی بینک کی رپورٹ

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے پاکستان کے حوالے سے اپنی تازہ معاشی آؤٹ لک رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2025 میں معاشی نمو میں بہتری دیکھی گئی جبکہ مہنگائی میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی۔ اے ڈی بی نے کہا کہ سخت معاشی پالیسیوں اور اصلاحات نے پاکستان کی معیشت کو سہارا دیا اور استحکام کی بنیاد فراہم کی۔ رپورٹ میں پیشگوئی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 38)

افغانیوں کا پاکستان سے انخلا جاری، 21 لاکھ 68 ہزار سے زائد واپس چلے گئے

کوئٹہ (این این آئی) افغانیوں کا پاکستان سے انخلا جاری ہے، 21 لاکھ 68 ہزار سے زائد واپس چلے گئے۔ نادرا ذرائع کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر 500 سے 600 افراد چمن ہولڈنگ کیمپ پہنچ رہے ہیں، چمن کیمپ میں افغان شہریوں کی رجسٹریشن کا عمل مکمل (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 37)

لاہور ہائیکورٹ، ملزم کو ٹرائل سے قبل ریکارڈ فراہمی لازم قرار

منصفانہ ٹرائل کے لیے شواہد تک مکمل رسائی بنیادی قانونی حق ہے، تحریری فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے فوجداری مقدمات میں ملزمان کے حقوق سے متعلق ایک نہایت اہم اور اصولی فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ کسی بھی ملزم کو ٹرائل کے آغاز سے قبل مقدمے سے متعلق تمام دستاویزات کی فراہمی لازمی ہے اور اس کے بغیر کارروائی آگے نہیں بڑھائی جا سکتی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس تنویر احمد شیخ نے چار صفحات (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 39)

پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کو مضبوط کرنے کا فیصلہ

چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت اجلاس، بورڈ کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے کمیٹی روم میں اہم اجلاس ہوا جس میں بورڈ کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران اصلاحات اور ری سٹرکچرنگ کے ذریعے ادارے کو مضبوط کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ صوبائی وزیر نے بورڈ کو ہدایت کی ہے کہ سرمایہ کاروں کو بہتر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 40)

9 ماہ میں ترقیاتی پروگرام کا 42 فیصد سے بھی کم بجٹ خرچ کیا جا سکا

اسلام آباد (این این آئی) رواں مالی سال کے پہلے نو ماہ میں سالانہ ترقیاتی پروگرام کا 42 فیصد سے بھی کم بجٹ خرچ کیا جاسکا جبکہ پیٹرولیم مصنوعات پر ریلیف دینے کے لیے ترقیاتی بجٹ میں بڑی کٹوتی بھی کی گئی ہے۔ سرکاری دستاویز کے مطابق رواں مالی سال وفاقی پی ایس (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 41)

صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بادشاہی مسجد میں تبرکات قرآن گیلری کا افتتاح

لاہور (نیوز رپورٹر) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے کہا ہے کہ اسلامی مقدس آثار (تبرکات) کا تحفظ، فروغ اور آئندہ نسلوں تک موثر منتقلی حکومت کی اولین (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 42)

سپریم کورٹ، وفاقی آئینی عدالت نئے بینچز تشکیل، کازلسٹ جاری

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی آئینی عدالت اور سپریم کورٹ آف پاکستان میں 13 اپریل سوموار سے 16 اپریل جمعرات تک کے عدالتی ہفتے کے لئے بینچز تشکیل۔ وفاقی آئینی عدالت کے 5 اور سپریم کورٹ آف (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 43)

سالانہ 8 فیصد اضافہ، 9 ماہ میں ترسیلاتِ زر 30.3 ارب ڈالر کا ریکارڈ

اوورسیز پاکستانیز ملکی معیشت کی ترقی اور مالی استحکام میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں

ترسیلاتِ زر کی آمد میں استحکام برقرار اور مستقبل میں مزید اضافے کی توقع ہے، مشیر خزانہ

اسلام آباد (وقائع نگار) پاکستان میں ترسیلاتِ زر میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جسے ملکی معیشت اور عالمی اعتماد کے حوالے سے خوش آئند پیشرفت قرار دیا جارہا ہے۔ کامیاب سفارتکاری اور پائیدار معاشی اصلاحات کے باعث پاکستان ایک بااعتماد اور مضبوط معاشی قوت کے طور پر ابھر رہا ہے۔ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے بھیجی جانے والی ریکارڈ ترسیلاتِ زر کو حکومت پر بھرپور اعتماد کا مظہر قرار دیا جارہا ہے۔ مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد کے مطابق مارچ 2026 میں ترسیلاتِ زر 3.8 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، جو فروری کے مقابلے میں 17 فیصد (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 45)

سبی میں گیس پائپ لائن دھماکے سے تباہ، سپلائی معطل

سبی (این این آئی) بلوچستان کے ضلع سبی میں نامعلوم افراد نے تخریب کاری کرتے ہوئے گیس پائپ لائن کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق دھماکہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 44)

وساکھی میلہ، 2800 سے زائد سکھ یاتری پاکستان پہنچ گئے

سکھ یاتریوں نے پاکستان میں کیے گئے انتظامات پر اطمینان اور خوشی کا اظہار کیا

لاہور (صباح نیوز) وساکھی میلے کی تقریبات میں شرکت کے لیے بھارت سے 2840 سکھ یاتری واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان پہنچ گئے، جہاں صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے ان کا پرتپاک خیرمقدم کیا۔ صوبائی وزیر نے یاتریوں کے استقبال کے دوران ان کے ساتھ بیٹھ کر لنگر بھی تناول کیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رمیش (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 46)

جاپان آئی ٹی ویک 2026، پاکستان پویلین کا افتتاح

آئی ٹی برآمدات کے فروغ اور جاپان کیساتھ عملی تعاون کی نئی راہیں کھل گئیں

ٹوکیو (صباح نیوز) جاپان کے دارالحکومت ٹوکیو میں منعقدہ جاپان آئی ٹی ویک اسپرنگ 2026 کے موقع پر پاکستان پویلین کا باضابطہ افتتاح جاپان میں پاکستان کے سفیر عبدالحمید نے کیا۔ یہ نمائش ٹوکیو بگ سائیٹ میں منعقد ہوئی، جہاں پاکستان نے اب تک کی سب سے بڑی شرکت کو یقینی بنایا۔ اس سال پاکستان کے 12 ممتاز آئی ٹی کمپنیوں پر مشتمل وفد نے شرکت (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 47)

بسنت پر اموات، زخمیوں کی تفصیلات فراہمی کی درخواست سماعت کیلئے مقرر

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بسنت کے دوران اموات اور زخمیوں کی تفصیلات کی فراہمی کی درخواست سماعت کیلئے مقرر کر دی گئی۔ جسٹس ملک اویس خالد جوڈیشل ایکٹو ازم پینل کی درخواست پر 13 اپریل کو سماعت کریں گے۔

لاہور، صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ سکھ یاتریوں کا استقبال کر رہے ہیں

ایڈیٹرانچیف و پبلشر عاقل جمال بٹ نے نئی بات پرنٹنگ پریس، پلاٹ نمبر 93 سٹریٹ نمبر 7، انڈسٹریل ایریا آئی نائن تھری، اسلام آباد سے چھپوا کر دفتر روزنامہ ممتاز، پلاٹ نمبر 8-A سٹریٹ نمبر 1-B انڈس بلاک ممتاز سٹی راولپنڈی، ایم جی سی کمپلیکس، پلاٹ نمبر 12-E، جی ایٹ مرکز اسلام آباد سے شائع کیا۔
مینجنگ ایڈیٹر ڈاکٹر احسن طارق بٹ
فون نمبر 051-8437993
فیکس نمبر 051-8357772، ای میل
mumtazisb9@gmail.com